تحفۂ روحانیات

اگست ۲۰۰۹

سید عابد حسین شاہ

غارِ حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

ان اللہ علیٰ کل شئ قدیر

ادارہ روحانیات کا انقلابی قدم

ماہنامہ روحانی تحفہ روحانیات

جلد نمبر 5 | اگست 2009ء | شمارہ نمبر 2

ترتیب مضامین

قیمت فی شمارہ 50 روپے

بیرون ممالک سالانہ خریداری
انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 4000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 500/ روپے مع ڈاک خرچ

آفس

ادارہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ
موبائل نمبر
0300-6351192
0333-6158193
061-8151583

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیات نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان ما بہ جنت اعلیٰ برابر است آہستہ پا بنہ کہ ملک سجدہ می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کیے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستگی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔

(ابو محمد مصباح العلم)

☆کلمہ استغفار " اَستَغفِرُاللہ رَبی مِن کُلِ ذَنبٍ واَتوبُ اَلَیہِ " (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔

☆اَللھم صَلِ عَلیٰ مُحَمّد وعلیٰ آلِہ مُحمد بِعَدَ ذَالمُزمِل وَالخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرما دیگا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کر دیگا۔ جس مشکل کیلئے پڑھیگا وہ مشکل آسان ہو جائیگی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہو گا اور اس کے گناہ معاف کیے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہو گی روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہو گا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کیلئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہو گا آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہو گا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش والواح

حضرت ابی خزامہؒ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا "میں نے حضرت محمد دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟ آپؐ نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں

زکات سورۃ مزمل رجب

رجب میں سورۃ مزمل کی زکات ادا کرنے کیلئے نوچندہ اتوار سے قبل نماز فجر 11 بار درود مزمل پڑھیں 2 رکعت نماز نفل تہجد ادا کریں سورۃ مزمل 11 بار پڑھیں اس کے بعد برائے تسخیر کل روحانیت سورۃ مزمل کی دعا کریں اب دوبارہ پھر 11 بار درود مزمل پڑھیں اور دو رکعت نماز تہجد ادا کریں اور پھر درج بالا طریقہ سے دعا کریں تیسری بار پھر 11 بار درود مزمل پڑھ کر 2 رکعت نماز تہجد ادا کریں اور پھر تسخیر کل روحانیت کی دعا کریں آخر میں 11 بار درود مزمل اختتامی پڑھیں۔ اس طریقہ کار پر عمل کرنے سے ماہ رجب میں سورۃ مزمل کی زکات ادا ہو گی مدت عمل زکات 11 یوم ہے یاد رہے کہ ماہ رجب آئمہ کرام کی ولادت با سعادت اور شہادت کا ماہ ہے۔ سورۃ مزمل پڑھ کر کریم رجب امام محمد باقرؑ 3 رجب شہادت امام علی نقیؑ 5 رجب ولادت امام علی نقیؑ 9 رجب ولادت باسعادت علی اصغرؑ 10 رب ولادت با سعادت حضرت امام محمد تقیؑ 13 رجب ولادت با سعادت مولا علیؑ 15 رجب شہادت بی بی زینبؑ 22 رجب نیاز امام جعفر صادقؑ 25 رجب شہادت امام موسیٰ کاظمؑ ان تمام ایام میں جو کہ ولادت یا شہادت سے منسوب ہیں ائمہ کرام نیاز دینا باعث برکت وراہ نجات ہر غم و مصیبت دنیا و آخرت ہے۔

سورۃ مزمل کے خواص

تحریر: ماہر روحانیات محمد یار مزمل حسین شاہ

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيلًا (آیت نمبر 8)

(ترجمه) اور اپنے رب کا نام یاد کرتے رہو سب سے الگ ہو کر اسی کے ہو کر رہو۔

آیت مذکورہ بالا میں مراقبہ کی جانب توجہ دلوائی گئی ہے کہ اسم باری تعالیٰ کو یاد کرنے کی کیا فضیلت ہے اور جو شخص اللہ کی جانب متوجہ ہوتا ہے اللہ کی توجہ بھی اُس کی طرف بڑھ جاتی ہے گزشتہ ماہنامہ میں آیت مذکورہ کی فضیلت بیان کی گئی تھی۔ آج کی نشست میں اس آیت کے اعمال قارئین کی خدمت میں پیش کیے جائینگے۔

حاضری مطلوب

آیت مذکورہ بالا کہ ابجد قمری 100 حروف آبی ''ک' ن'' میں **الودود 'العزیز' الحیی القیوم** کے ابجد قمری مربع آبی چال سے حاضری مطلوب کی نیت سے پُر کریں اس کے علاوہ یہی نقش تسخیر خلق یا تسخیر خاص کیلئے بھی شرف قمر میں تیار کیا جا سکتا ہے لیکن سال رواں میں سب سے زیادہ اہم ترین شرف جو کہ تسخیر خلق حاضری مطلوب یا تسخیر خاص کیلئے طاقتور مانا جاتا ہے 02 نومبر کو شروع ہو رہا ہے یہ سال کا اہم ترین شرف ہے کہ جب چاند مکمل ہوگا اور حالت شرف سے گزر رہا ہوگا۔ یہ ایسا خاص وقت ہے جب کسی بھی شخص کو اپنی محبت میں گرفتار کرنے کیلئے اور کسی بھی شخص کے دل میں اپنی محبت کی بے چینی بڑھانے کیلئے عمل کیا جا سکتا ہے۔ آیت مذکورہ بالا کا ورد 100 بار خانہ مطلوب کی جانب رُخ اختیار کر کے کیا جائے انشاءاللہ قمر کا برج جوزا میں داخلہ سے قبل ہی مطلوب حاضر ہوگا۔

دفع بندش

کسی بھی قسم کی بندش مثلاً کاروباری' صحت جسمانی' مناسب رشتوں کی غیر دستیابی' خواب میں ڈرنا' رزق روزی کا بند ہونا' بدقسمتی اور بدنصیبی کے خاتمہ کیلئے' حصول نرینہ اولاد کیلئے آیت مذکورہ کے حروف بادی ''ب' ذ' ت'' کی قوت سے کام لیا جا سکتا ہے۔ شرف قمر کے وقت میں 1638 عدد میں **یا باقی یا ولی یا تواب یا حیی** اسم الٰہی کے اعداد ابجد قمری برآمد کر کے مقصد کے اعداد شامل کریں نام سائل مع والدہ کا کل مجموعہ حاصل کر کے مخمس بادی 5 نقوش ہرن کی جھلی یا پاک صاف کاغذ پر تحریر کریں بعد تیاری نقش کے آیت مذکورہ 108 بار ورد کریں۔ ان میں سے پہلا نقش جانب مشرق کسی بھی پھل دار درخت سے باندھ دیں اگر درخت میسر نہ ہو تو ہوا میں اس نقش کو لٹکا دیں۔ آیت مذکورہ کا ورد کرتے ہوئے مغرب کی جانب دوسرا نقش باندھ دیں اور اسی طرح تیسرا نقش آیت مذکورہ اسم الٰہی درج بالا کا ورد کرتے ہوئے شمال چوتھا نقش جنوب کی سمت میں باندھ دیں۔ آخری نقش سائل اپنے بازو سے باندھے اور روزانہ آیت مذکورہ مع اسم الٰہی درج بالا صرف 21 بار اپنے ورد میں رکھے انشاءاللہ ہر طرح کی بدنصیبی بدقسمتی سے نجات حاصل ہوگی اور مطلوبہ مقصد پورا ہوگا

برائے غلبہ دشمن

آیت مذکورہ بالا میں حروف خاکی ''ل'' اور ''ز'' شامل ہیں جن میں حرف ''ل'' 3 بار اور حرف ''ز'' کی تکرار 2 بار ہے۔ حروف خاکی ابجد قمری 490 حاصل کر کے دشمن کے نام مع والدہ کے اعداد بھی ابجد قمری شامل کریں کل مجموعہ کا نقش مخمس آبی چال سے پُر کر کے آیت مذکورہ کو 90 بار بغیر بسم اللہ اور درود پاک کے پڑھتے ہوئے اس نقش کو نیم کے قلم اور نیم کے ہی عرق میں سیاہی بنا کر پُر کریں۔ 8 روز تک آیت مذکورہ بالا اس نقش پر پڑھتے ہوئے آخری دن یہ نقش دشمن کے راستے میں کہیں پر بھی دفن کر دیں لیکن پاک صاف جگہ ہو۔ یا ایسی جگہ دفن کریں جس جگہ پر وہ دشمن رہتا ہو انشاءاللہ چند ہی یوم میں اُس شخص کے دل میں آپ کا خوف اور ڈر بیٹھ جائیگا اور وہ شخص آپ کو تنگ نہ کرے گا۔

برائے زبان بندی مخالفین

مخالفین کی زبان بند کرنے کیلئے آیت مذکورہ کے حروف صوامت ''و ا ک ر س م ل ہ'' کل مجموعہ اعداد قمری 651 میں اسم الٰہی **المنتقم 'الطیف** کے عدد قمری کے ساتھ مخالفین کے نام مع والدہ شامل کریں اور کل اعداد کا نقش مربع چال خاکی سیسہ کی تختی پر نوکدار قلم سے کندہ کریں۔ ایک تصوراتی پتلہ سیاہ کپڑے کا تیار کریں۔ اس پتلہ کے منہ پر تیار کی گئی سیسہ کی تختی باندھ دیں اور اندھیرے کپڑے میں رکھ دیں روزانہ آیت مذکورہ کا ورد 362 بار اندھیرے کمرے میں بعد نماز عشاء کریں لیکن جب بھی آیت مذکورہ پڑھنا شروع کریں تو 1 بار تکبیر یعنی بسم اللہ اللہ اکبر لازمی پڑھیں بعد اختتام ورد کے مقصد کی دعا کریں اور اس لوح پر دم کر دیں آخری یوم نمک پاروں پر اس طرح ختم دیں کہ اُس ختم کے دوران بھی 362 بار آیت مذکورہ بالا پڑھیں۔ مخالفین کی مکمل زبان بندی کیلئے دعا بھی کریں انشاءاللہ مخالفین کی زبان اس طرح بند ہوگی کہ دوبارہ تاحیات آپ کے خلاف بول نہ پائیں گے۔ بہتر ہے کہ اس تمام عمل کو قمر عطارد' قمر زحل' زحل عطارد نظر مقابلہ یا نظر تربیع میں ساعت نحس میں تیار کریں۔ نقش کے چاروں کونوں پر حروف صوامت آیت مذکورہ کے لکھیں آخر میں دعا سے قبل **اَجب یا رفتمائیل** ...... کے ساتھ اپنے مقصد کا آغاز تحریر کریں۔

بچپن ہی سے مسیحی برادری کی ترقی وخوشحالی کا ذہن بنا ہوا تھا سوئم کلاس ہی میں بائبل یعنی تورات زبور انجیل صحائف انبیاء پوری پڑھ لی تھی۔ قبول اسلام تک بلاناغہ صبح شام بائبل پڑھنا اور سمجھنا معمول رہا۔

س:۔ کیا کسی مسیحی پارٹی سے تعلق رہا؟

ج:۔ 1994ء میں پاکستان قومی مسیحا پارٹی کا سرگرم رکن بن گیا۔ کینال پارک کرسچن کالونی رحیم یار خان کا کام کروایا۔ چرچ کونسل کا بہتری ممبر رہا تحریک اینٹی 295C (توہین رسالت) کا سرگرم ممبر تھا۔ یعنی مسیحت کے تحفظ وفروغ کیلئے ہر پل تیار۔

س:۔ تسخیر ہمزاد کا شوق کس طرح پیدا ہوا؟

ج:۔ 1996ء میں تسخیر ہمزاد کے بارے میں پڑھا۔ میں نے سوچا تبلیغ مسیحت کے لیے یہ طاقت بہت کارآمد ثابت ہوگی بڑے نامی لوگوں سے رابطہ شروع کر دیا انہوں نے بھی فیس لے کر اجازت دے دی کسی قسم کی یکسوئی تصور وغیرہ کی کوئی مشق نہ کروائی ڈائریکٹ چلہ کروانے شروع کر دیئے ظاہر ہے نتیجہ خاک برآمد ہوتا۔

س:۔ لاہور کب شفٹ ہوئے؟

ج:۔ 2000ء میں سیاسی اتار چڑھاؤ کی وجہ سے رحیم یار خان چھوڑنا پڑا لاہور شفٹ ہوگیا۔ ایک ہوٹل میں ملازمت کر لی۔ سینٹ انتھنی چرچ بالمقابل ریولے ہیڈ کوارٹر میں صبح وشام جانا معمول بن گیا۔ فادر عمانوائیل عاصی اور مختلف مسیحی علماء سے رابطہ میں رہا۔ ہوٹل میں بھی بڑا سا صلیب گلے میں کپڑوں کے اوپر پہنے رکھتا۔ ہر وقت روزری پڑھتا رہتا۔ لاہور میں بھی مسیحت کی ترقی کے لئے کوشاں رہتا۔

س:۔ اعمال ہمزاد میں کس حد تک کامیاب ہوئے؟

ج:۔ تسخیر ہمزاد کے چلے کرنا شروع کر دیئے۔ مگر رزلٹ ندارد۔ اسی دوران ایک بزرگ محترم ملک شبیر احمد اعوان رحمۃ اللہ علیہ (متوفی اکتوبر 2004ء) سے ملاقات ہوئی انہوں نے کچھ عملیات و وظائف عنایت فرمائے جن کے زرلٹ شاندار تھے (اس دوران رسالہ تحفہ روحانیات میری نظر سے نہ گزرا تھا)۔ 2003ء میں ان سے تسخیر ہمزاد کے سلسلہ میں بات کی انہوں نے درود ابراہیمی عنایت فرمایا۔ رات 11 بجے تا رات 3 بجے تک لاتعداد پڑھتا تھا۔ تصور مسجد نبوی کا رکھتے ہوئے داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کی مسجد شریف میں بیٹھ کر۔ دوران وظیفہ میں نے اس سے بہت فائدے حاصل کئے۔ اسلامی اعمال صرف میں اپنے کاموں کے سلسلہ میں کیا کرتا تھا۔ نہ کہ میں اسلام کی طرف مائل تھا۔ مسلمانوں سے نفرت کم ہونے کی بجائے بڑھتی جارہی تھی۔ کوئی بھی وظیفہ شروع کرنے سے پہلے میں طریقہ مسیحت کی دعائیں وغیرہ کیا کرتا تھا۔ بہرحال درود ابراہیمی کے وظیفہ کا 92 بانواں دن تھا۔ استغراق کی کیفیت پیدا ہوگئی کسی بزرگ کی آواز مجھ سے ہمکلام ہونا شروع ہوگئی وہ بزرگ میرے سامنے نہ آئے۔ انہوں نے مجھے اسلام کی دعوت دینا شروع کر دی میں نے اسلام کے خلاف باتیں کرنا شروع کر دی اور مسیحت کا دفاع کرنا شروع کر دیا۔ (درج ذیل گفتگو میں مذہب مسیحت کی رو سے انبیاء کرامؑ کے صرف نام لئے جاتے ہیں پروٹوکول کے طور پر نام کے ہمراہ کچھ نہیں لگایا جاتا اسی طرح کہیں پر بھی مسیحی مذہب میں لفظ اللہ نہیں بلکہ لفظ خدا استعمال کیا جاتا ہے۔ عموماً یہ لفظ خود آیا ہوا سے موسوم ہے حضرت عیسیٰؑ کے ساتھ یا اللہ کی جگہ لفظ خدا استعمال کیا جاتا ہے)

س:۔ اسلام کیونکر قبول کیا؟

ج:۔ انہوں نے مجھ سے پوچھا! تم بائبل سے دلائل دے رہے ہو تم اسے کیا سمجھتے ہو میں نے کہا خدا کا کلام۔ انہوں نے کہا کیا یہ ممکن ہے کہ خدا کے کلام میں تضاد ہو میں نے کہا "یہ ممکن نہیں" انہوں نے کہا کیا یہ ممکن ہے خدا کے کلام میں کمی بیشی ہو۔ "میں نے کہا نہیں" انہوں نے فرمایا! بائبل میں کمی وبیشی وتضادات ہیں۔ ہم بھی کہاں ہار ماننے والے تھے۔ فوراً کہا ثابت کیجئے۔ انہوں نے فرمایا۔

پروٹسٹنٹ بائبل میں چھیاسٹھ (66) کتابیں ہیں اور کاتھولک بائبل میں بہتر (72) کتابیں ہیں۔

میں نے مسیحی برادری کا رٹا رٹایا جواب دیا اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

انہوں نے فرمایا! موجودہ بائبل میں اس وقت کم وبیش 20 کتابیں کم ہیں جن کے حوالے بائبل میں موجود ہیں۔

احقر العباد محمد ایاز مزمل حسین شاہ بانی مکتبہ روحانیات کی خاص لائبریری میں دیگر مذاہب کی مقدس کتابوں کا ذخیرہ بھی موجود ہے جب لائبریری سے مطلوبہ کتب ثبوت کے طور پر منگوائی گئیں تو محمد ابراہیم قادری نے ان کتابوں سے ذیل کی آیتوں کے تضاد ثبوت دکھائے۔

(1) عدد۔ گنتی باب 21۔ آیت 14 = اس لئے خداوند کی جنگوں کی کتاب میں کہا گیا ہے۔

(2) یوشع باب 10۔ آیت 13 = کیا یوں صداقت کی کتاب میں نہیں لکھا۔

(3) اخبار اول۔ تواریخ اول = ناتان نبی کی تاریخ میں اور جادغیب بین کی تاریخ میں۔
(4) اخبار دوم۔ تواریخ دوم باب 12۔ آیت 15 = کیا یہ شمع یاہ نبی اور عیدو غیب بین کی تواریخ میں مسلسل طور پر مندرج نہیں۔
ان کتابوں کے حوالے موجودہ بائبل میں ہیں مگر یہ کتابیں بائبل کا حصہ نہیں۔ ان کی مکمل فہرست میرے پاس موجود ہے۔ دوران ورد و مراقبہ ہونے والی یہ تمام گفتگو مجھے من وعن یاد رہی کہ جیسے یہ میرا ہرگز ہرگز وہم نہ ہو بلکہ ہوش وحواس میں یہ تمام باتیں ہوئی ہوں۔
پھر فرمایا! بائبل کے پرانے عہد نامہ میں کچھ تضادات حالانکہ تضادات کی بھرمار ہے۔
سموئیل دوم باب 24۔ آیت 1 اور خداوند کا غضب پھر اسرائیل پر بھڑکا اور اس نے داؤد کو ابھارا اور کہا جا اور اسرائیل اور یہودہ کا شمار کر۔
اخبار اول۔ تواریخ اول باب 21۔ آیت 1 اور شیطان اسرائیل کے خلاف اٹھا اور اس نے داؤد کو ابھارا کہ اسرائیل کا شمار کر۔
یہ دونوں کتابوں کی آیات ایک ہی واقعہ کی طرف اشارہ کرتی ہیں۔ دیکھیں۔ خدا اور شیطان میں (نعوذ باللہ) فرق ہی نہیں رکھا گیا۔ ایک کتاب خدا کا کہتی ہے اور دوسری شیطان کی کارستانی بتلاتی ہے۔
سموئیل دوم باب 24۔ آیت 9 = اور یوآب نے لوگوں کے شمار کی کل میزان بادشاہ کو دی۔ تو اسرائیل کے آٹھ لاکھ آدمی بہادر تلوار چلانے والے اور یہودہ کے پانچ لاکھ مرد تھے۔
اخبار اول۔ تواریخ اول باب 21۔ آیت 5 اور یوآب لوگوں کا تمام شمار داؤد کے پاس لے گیا تو سارے اسرائیل گیارہ لاکھ تلوار چلانے والے مرد اور یہودہ کے چار لاکھ ستر ہزار تلوار چلانے والے مرد تھے۔
دونوں کتابوں میں تعداد میں واضح تضاد ہے۔ سموئیل کے مطابق ٹوٹل تیرہ لاکھ اور اخبار۔ تواریخ کے مطابق پندرہ لاکھ ستر ہزار۔
سموئیل دوم باب 24۔ آیت 24 = سو داؤد نے کھلیان اور بیل چاندی کے پچاس مثقال سے خریدے۔
اخبار اول تواریخ باب 21۔ آیت 25 = اور داؤد نے اس جگہ کی بابت ارنان کو چھ سو مثقال سونا تول کر دیا۔
یہ واقعہ حضرت داؤد علیہ السلام کا خدا کے حضور سوختنی قربانی چڑھانے کا ہے۔ جس کے لئے انہوں نے جگہ اور بیلوں کی ادائیگی کی۔
سموئیل دوم باب 8۔ آیت 4 = اور داؤد نے اس کے ایک ہزار سات سو سوار اور بیس ہزار پیادے پکڑ لئے۔
اخبار اول تواریخ اول باب 18۔ آیت 4 = اور داؤد نے اس سے ایک ہزار گاڑیاں اور سات ہزار سوار اور بیس ہزار پیادے پکڑ لئے۔
دونوں کتابوں میں تضاد کو نوٹ کریں سموئیل کے مطابق 1700 سترہ سو سوار اور اخبار تواریخ کے مطابق سات ہزار سوار۔ ایک ہی جنگ کا واقعہ ہے۔
سموئیل اول باب 13۔ آیت 1 = شاؤل...... برس کا تھا جب بادشاہ ہوا اور اس نے...... برس تک سلطنت کی۔
سموئیل اول باب 13۔ آیت 1 = شاؤل تیس برس کا تھا جب بادشاہ ہوا اور اس نے دو برس تک سلطنت کی۔
کاتھولک بائبل میں عمر اور عرصہ سلطنت نہیں لکھا جبکہ اس کے حاشیہ میں لکھا ہے کہ اصل متن سے ہندسے حذف ہوگئے۔ پروٹسٹنٹ بائبل میں عمر تیس برس اور عرصہ سلطنت دو سال لکھا ہے۔
پروٹسٹنٹ فرقہ کا بانی مارٹن لوتھر انجیل یوحنا کے سولہ باب کی تفسیر میں لکھتا ہے کہ رومی کلیسیا اس دنیا میں نہ ہوتی تو کتاب مقدس کا ایک لفظ بھی ہمارے پاس نہ ہوتا (دیباچہ کاتھولک بائبل) اس سے پروٹسٹنٹ کی کلام مقدس میں زیادتی ثابت ہے۔
انجیل متی باب 4 آیات 5-8 = تب شیطان اسے مقدس شہر میں لے گیا اور ہیکل کے کنگرے پر کھڑا کر کے اسے کہا۔
آیت 8 = پھر شیطان اسے ایک بڑے اونچے پہاڑ پر لے گیا اور دنیا کی سب مملکتیں اور ان کی شان و شوکت اسے دکھائی۔
انجیل لوقا باب 4 آیات 5-9 = اور شیطان نے اسے ایک اونچے پہاڑ پر لے جا کر دنیا کی ساری مملکتیں پل بھر میں اسے دکھائیں۔
آیت 9:۔ پھر وہ اسے یروشلیم میں لے گیا اور ہیکل کے کنگرے پر کھڑا کر کے اس سے کہا وہ دونوں اناجیل میں تضاد متی کے مطابق پہلے ہیکل کے کنگرے پر کھڑا کیا۔ لوقا کے مطابق پہلے پہاڑ پر۔
انجیل متی باب 9 آیت 8: دیکھو ایک سردار نے آکر اسے سجدہ کیا اور کہا میری بیٹی ابھی مری ہے۔
انجیل مرقس باب 5 آیت 23 اور یوں کہتے ہوئے اسکی بہت منت کرنے لگا میری چھوٹی بیٹی مرنے کے قریب ہے۔
انجیل لوقا باب 8۔ آیت 42:۔ کیونکہ اسکی ایک ہی بیٹی تھی تقریباً بارہ برس کی جو مرنے کے قریب تھی انجیل متی بتاتی ہے کہ لڑکی مر چکی ہے۔ مگر اناجیل مرقس ولوقا مرنے کے قریب بتاتی ہیں۔

انجیل متی باب 28 آیت 2:۔اور دیکھو ایک بڑا زلزلہ آیا کیونکہ خداوند کا فرشتہ آسمان سے اترا اور پاس آکر پتھر کو لڑھکا دیا اور اس پر بیٹھ گیا۔آیت 3 اور اسکے ڈر سے نگہبان کانپ اٹھے اور مردوں کی مانند ہو گئے۔

انجیل مرقس باب 16 آیت 4:۔جب انہوں نے نگاہ کی تو اس پتھر کو لڑھکا ہوا پایا وہ بہت ہی بڑا تھا اور قبر کے اندر جاکر انہوں نے ایک نوجوان کو سفید لباس پہنے دہنی طرف بیٹھا دیکھا تو نہایت حیران ہو گئی۔انجیل متی کے مطابق خواتین جب قبر پر پہنچی تو فرشتہ نے آسمان سے اتر کر پتھر کو لڑھکایا۔جبکہ مرقس کے مطابق خواتین کے قبر پر پہنچنے سے پہلے پتھر لڑھکا ہوا تھا۔اسی طرح چاروں اناجیل میں مسیح یسوع کے مردوں میں سے جی اٹھنے کے واقعہ میں تضادات ہیں۔ایک قاری پر یہ معاملہ مشتبہ ہو جاتا ہے۔

رسولوں کے اعمال باب 9 آیت 7:۔جو آدمی اسکے ہمراہ تھے وہ حیران ہو کر کھڑے رہ گئے کیونکہ آواز تو سنتے تھے۔مگر کسی کو دیکھتے نہ تھے۔

رسولوں کے اعمال باب 22 آیت 7:۔میرے ساتھیوں نے نور تو دیکھا لیکن جو مجھ سے بولتا اسکی آواز نہ سنی۔پہلے بیان میں جو آدمی ہمراہ تھے انہوں نے آواز تو سنی مگر کسی کو دیکھا نہ دوسرے بیان میں ان ہی آدمیوں نے نور تو دیکھا آواز نہ سنی کیسا گڑبڑا دینے والا معاملہ ہے۔

انجیل متی باب 5 آیت 18:۔کیونکہ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جب تک آسمان اور زمین ٹل نہ جائیں شریعت کا ایک نقطہ یا ایک شوشہ ہرگز نہ ٹلے گا۔جب تک سب کچھ پورا نہ ہو جائے۔

غلاطیوں باب 5 آیت 4:۔تم جو از روئے شریعت صادق ٹھہرنا چاہتے ہو مسیح سے جدا اور فضل سے محروم ہو گئے ہو۔

عبرانیوں کے نام باب 7 آیت 12:۔اور جب کہانت بدل گئی تو شریعت کا بدلنا بھی ضرور ہے۔مسیح یسوع کا فرمان آپ نے انجیل متی میں پڑھا کہ جب تک آسمان اور زمین ٹل نہ جائیں شریعت کا ایک نقطہ یا شوشہ نہ ٹلے گا۔مگر یسوع کی شاگردی کا دعویدار پولوس فرما رہا ہے کہ شریعت پہ عمل کی وجہ سے تم مسیح یسوع کے فضل سے محروم ہو گئے اور آخر کار اپنا عجیب غریب فلسفہ جھاڑتے ہوئے شریعت کو یکلخت فارغ قرار دے دیا نہ رہے بانس نہ بجے بانسری۔

رومیوں کے نام باب 9 آیت 5:۔ایا ان ہی کے ہیں اور بشریت کی نسبت مسیح بھی ان ہی میں ہوا جو سب کے اور پر ایک تک خدائے محمود ہے۔آمین۔

غلاطیوں باب 3 آیت 13:۔مسیح نے ہمارے بدلے میں ملعون ہو کر ہمیں شریعت کی لعنت سے چھڑایا کیونکہ لکھا ہے۔جو دار پر لٹکایا گیا وہ ملعون ہے۔

نہایت ہی دکھ کے ساتھ میں یہ الفاظ استعمال کرتا ہوں (معاذ اللہ) پہلے تو ایک بشر کو خدائے محمود کے درجہ پر پہنچا دینا۔اور دوسرے ہی لمحے (نعوذ باللہ) ایک نبی بلکہ ایک افضل رسول اللہ کو کتنا گھٹیا خطاب دے دینا۔

نوٹ:۔دین اسلام میں کسی رسول یا نبی کو ایسا خطاب دینا یا نعوذ باللہ تصور کرنا دائرہ اسلام سے خارج کر دیتا ہے۔یہ آیت میں نہیں بتانا چاہتا تھا مگر مسیحی دوستوں کو سمجھانے کی غرض سے کہنا پڑا۔بائبل میں ایسے ہی شان الٰہی اور شان انبیاء میں بہت سے حوالوں میں گستاخیاں ہیں۔

دین اسلام کے بارے میں صرف اتنا کہوں گا کہ جس دین کی کتاب اتنی سچی ہے کہ چودہ سو سال گزرنے کے بعد بھی آج تک مشرق سے مغرب، شمال سے جنوب تک اس میں زیر زبر کا فرق نہ ہے تو وہ دین خود کتنا سچا ہے مجھے اپنے مسلمان ہونے پر فخر ہے اللہ پاک ہمیں معاف فرمائے آمین۔

جب میں ان بزرگ سے استغراقی کیفیت میں یہ حوالے سنے تو میں نے عرض کی میں انکو چیک کروںگا۔انہوں نے فرمایا لازمی چیک کرو اگر آپ کا دل مانے تو کسی مسجد سے کسی مولوی صاحب سے کلمہ پڑھ لینا اور تمہارا نیا نام محمد ابراہیم ہوگا۔بہر حال میں واپس ہوٹل آتے ہی بائبل میں سے چیک کیا۔اچھی طرح دیکھا سوچا، پرکھا واقعی تضادات کی بھر مار تھی مسیحیت کے سکالروں اور علماء سے رجوع کیا ان کے پاس کوئی ایسی تاویل یا دلیل نہ تھی جو مجھے مطمئن کر سکے جب وہ مجھے مطمئن نہ کر سکے تو مسلمانوں پر چڑھائی کر دی۔بڑا سوچا کہ میں آخر قیامت کے دن اپنے خدا کے حضور پیش ہونا ہے اگر وہاں پر میرے عقاید ہی فاسد ہوئے تو میرا کیا بنے گا۔مسلسل دوستوں کو کہا کہ میں اسلام قبول کرنا چاہتا ہوں انہوں نے میرا مذاق اڑایا کہ ایک اتنا سخت مسیحی اچانک اسلام قبول کرنے کے بارے کیونکر سوچ سکتا ہے۔20 نومبر 2003ء جامع نعیمیہ گڑھی شاہو ڈاکٹر علامہ مفتی سرفراز نعیمی شہید رحمتہ اللہ علیہ سے عیسائیت کے باطل عقاید سے توبہ کر کے اسلام قبول کر لیا۔بہت سے مسیحی اور مسلمان دوست صرف ایک ہی الزام لگاتے رہے کہ یا تو تم نے دولت کے لالچ میں یا کسی لڑکی کے لئے یہ بڑا قدم اٹھایا۔مگر آج تک نہ کوئی ایسی لڑکی ہی سامنے آسکی جس کے لیے میں یہ قدم اٹھایا ہو اور نہ ہی الحمد للہ آج تک کسی سے ایک روپیہ بھی لینے کا روادار ہوا ہوں۔میرا دین اسلام خودداری کا سبق دیتا ہے۔

س:۔قبول اسلام کے بعد کیا اُسی ہوٹل میں کام کرتے رہے اور کس قسم کے حالات پیش آئے؟

ج:۔2005ء میں ہوٹل چھوڑ دیا مالی حالات انتہائی تنگ ہو گئے پھر مجبوراً مزدوری کرنے لگا اور الحمد للہ ابھی تک کر رہا ہوں۔

س:۔کیا اب بھی آپ روحانی علوم سیکھنا چاہتے ہیں؟
ج:۔یقیناً میں نے اپنا روحانی راہنما مربی و معلم آپ (محمد ایاز مزمل حسین شاہ) ہی کو چنا ہے اور انشاءاللہ تازندگی آپ کی روحانی سرپرستی میں گزارنے کا خواہشمند ہوں کیونکہ قبول اسلام کی اہم وجہ درود پاک اور اعمال قرآنی تھے اور مجھے آپ سے بہتر کوئی دوسرا نظر نہ آیا جس سے راہنمائی لے سکوں۔
س:۔ایسی کوئی خواہش جو اسلام قبول کے بعد پیدا ہوئی ہو؟
ج:۔دینی فرائض کی ادائیگی میں سعی کرتا ہوں اپنی والدہ و بہن بھائیوں کی وقتاً خدمت مالی کر دیتا ہوں اور انکو بھی دین کی دعوت دیتا ہوں دل پھیرنا میرے اللہ کا کام ہے۔حج و عمرہ کی کوشش کر رہا ہوں مقدر میں بلاوہ ہوا تو لازمی جاؤنگا۔شادی مقدر میں ہوئی تو کرلونگا حدیث مبارکہ کا مفہوم ہے کہ نکاح کرو اس میں تمہارا آدھا دین محفوظ ہو جائے گا۔یعنی انسان شہوانی غلطیوں اور سوچ سے بچ جاتا ہے۔صرف یہی خواہش ہے کہ مسلمان جو دین سے بہت ہٹ گئے ہیں دین میں پوری طرح داخل ہو جائیں اپنی زندگی قرآن و سنت کے مطابق گزاریں حقوق العباد و شریعت مطہرہ پر چلنے والے بن جائے تا کہ شافع محشر رحمتہ العالمین نبی کریم محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں جب حاضر ہوں تو شرمندگی سے بچ جائیں۔آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام ہونے کا دعویٰ کر سکیں۔دین کبھی بھی آپکو دنیا چھوڑنے کا نہیں کہتا صرف غلط طریقوں غلط رسموں تفرقوں غلط ذرائع آمدن سے منع کرتا ہے۔یہ بات ہر انسان سمجھتا ہے۔کیونکہ ہر بشر فطرت سلیم اسلام کی فطرت پر پیدا ہوتا ہے۔بعد میں اسکے گھر والے اسے عیسائی یا یہودی وغیرہ بناتے ہیں۔میرے دل میں مسیحی دوستوں کی خدمت میں عرض ہے یہ جو بائیل کے تضادات میں نے بیان کیے۔صرف اسی محبت کی وجہ سے لکھے ہیں تا کہ یہ حقیقت کو سمجھیں اپنے آپ کو بدلیں دین اسلام قبول کرلیں۔کوئی عیسائی مجھ سے کوئی سوال کرنا چاہیں اسلام کے بارے یا مسیحیت کے بارے یا ویسے ہی مجھے گالیاں ہی دینا چاہے ادارہ کے پتہ پر خط لکھ دیں انشاءاللہ عزوجل میں پوری کوشش کرونگا کے مسیحی دوستوں کی پوری طرح تشفی کر سکوں۔میری باتیں دلائل سے بھرپور پائیں گے خواہ مخواہ کی تکرار و بحث سے بچونگا میری استقامت کے لیے دعا لازمی کیجیے گا۔اگر کسی کا میری وجہ سے دل دکھا ہو تو مجھے معاف فرما دیجیے گا۔
س:۔رسالہ تحفہ روحانیات کے ذریعے مسلمان بھائیوں کو آپ کوئی پیغام دینا چاہتے ہیں؟
ج:۔دین اسلام میں بظاہر فرقے موجود ہیں لیکن میرا تعلق کسی بھی مسلک سے نہیں میں نے اسلام قبول کیا تو صرف میں مسلمان ہوا ہوں۔مسلمانوں کے تمام مسالک اور فرقے پیار محبت عزت ادب و احترام سکھاتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ میں سنی بھی ہوں اور شعیہ بھی ہوں' دیوبندی بھی ہوں اور اہل حدیث بھی ہوں جس نے میرے نبی کا کلمہ پڑھا وہ معتبر ہوا۔اس طرح کوئی کلمہ گو کافر یا ایمان سے خارج نہیں۔

ماہ اگست اور نحس نظرات سیارگان

ماہر روحانیات شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ

اس ماہ نظرات سیارگان میں اہم نظر مریخ زحل تربیع جو کہ 9 تا 13 اگست ہے اس نظر کے نحس اثرات حکومتی مشینری پر اثر انداز ہو سکتے ہیں اس کے علاوہ اسی دوران ملک میں تخریب کاری کی اور بے جا خون بہا کی وارداتیں بھی ہو سکتی ہیں یہی وہ وقت ہے جب حکومت کی جانب سے کوئی اہم فیصلہ عوام کو سننے کو مل سکتا ہے۔سیارگان کے درمیان قائم ہونے والی یہ نحس نظر عرصہ ڈیڑھ سال بعد بنتی ہے جس کے نحس اثرات لازماً حکومت اور عوام پر ظاہر ہوتے ہیں۔وہ افراد جن کا تعلق برج حمل' عقرب اور جدی' دلو سے ہے خصوصاً صدقات کا اہتمام کریں تو ممکن ہے کہ ان سیارگان کے نحس اثرات سے بچا جا سکے۔مریخ در جوزا' زحل در سنبلہ ان دونوں بروج سے متعلقہ افراد بھی لازمی طور پر سیارگان کی اس نحس نظر سے متاثر ہونگے۔چاہیے کہ جوزا' سنبلہ سے متعلقہ افراد ان ایام میں ملے جلے اناج کا صدقہ دیں۔

اسی ماہ دوسری نحس نظر شمس مشتری مقابلہ 14 تا 15 جون قائم ہو رہا ہے یہ نحس نظر بھی ملکی مفاد میں اچھے اثرات ظاہر نہیں کرتی خدشہ ہے کہ کوئی نحس خبر سننے کو مل سکتی ہے۔برج اسد' قوس اور حوت سے متعلقہ افراد اپنے برج کے مالک سیارے کے نحس ہونے کی وجہ سے کسی بھی خطرہ سے دوچار ہو سکتے ہیں جس میں زیادہ خدشہ مالی نقصان یا جسمانی بیماری کا ہے۔دوران مقابلہ سیارہ شمس اس میں اور سیارہ مشتری برج دلو میں بحالت رجعت ہے۔اسی لئے سیارہ دلو سے متعلقہ افراد بھی اپنے برج کے مطابق صدقہ دیں۔

اسی ماہ تیسری اہم نحس نظر عطارد مریخ تربیع جو کہ 23 اگست تا 06 جون قائم ہو رہی ہے یہ نحس نظر بھی بہت سی اہم تبدیلیوں کی جانب اشارہ دیتی ہے۔عدلیہ اور حکومتی مشینری کسی بھی بحران کا شکار ہو سکتے ہیں اس نحس نظر کے تحت خطرات زیادہ ہیں۔برج جوزا' سنبلہ اور حمل' عقرب سے متعلق افراد خاص صدقہ کا اہتمام کریں تا کہ ان سیارگان کی نحوست سے بچا جا سکے۔

اثرات مکمل طور پر شروع ہوں گے۔ 15 جنوری 2010ء سے جبکہ! عددی رو سے 2009ء امریکہ کے لئے ''بھاری'' رہا لیکن! چونکہ صدر اور امریکہ کے اعداد میں 70% فیصدی مطابقت موجود ہے۔ چنانچہ صادر امریکہ کو مشکل دور سے نکالنے میں کامیاب ہو جائیں گے لیکن! 15 جنوری 2010ء تک.....؟

ادا کارہ ریما کا مستقبل اور 2009ء.....؟

معروف فلمی ہیروئن ''ریما خان'' کے لئے بڑا مثبت اور سازگار تھا اور رہے گا جبکہ! 2001ء۔ 2003ء۔ 2005ء۔ 2007ء اور 2008ء کافی بہتر اور سازگار سال تھے۔

2009ء تک ہر کام سوچ سمجھ کر کرنا ہوگا۔ 20,10 فروری تا 17 مارچ تک اور مئی، جولائی، ستمبر، اکتوبر اور دسمبر خاصے مددگار رہوں گے۔ باقی مہینے ہر لحاظ سے خاصے احتیاط طلب رہیں گے۔

(نوٹ) 2010ء ریما کے لئے بڑی حد تک نئی کامیابیوں کا سال ثابت ہوگا جس کے اثرات شروع ہوں گے 17 اکتوبر 2009ء سے۔ ریما خان کے لئے ''8'' کا عدد خواہ جس بھی روپ میں ہو ہمیشہ ''بھاری'' ثابت ہوتا رہے گا دوپہر 12 بجے تک.....؟

(نوٹ) واضح رہے کہ! ''8'' کا عدد طوفانی عاشقوں کا عدد ہے ہیر رانجھا اور لیلیٰ مجنوں بھی عدد ''8'' کے زیر اثر ہیں۔

اس کے علاوہ یہ عدد ''روحانیت'' کے زیر اثر بھی ہے اس لئے عدد ''8'' کے حامل مرد و خواتین روحانیت کے دلدادہ ہوتے ہیں۔ یہی اثرات فلم اسٹار ''ریما خان'' کے اندر بھی موجود ہیں۔

2009ء جن دیگر نامور شخصیات کے لئے ہر لحاظ سے بھاری اور احتیاط طلب رہے گا ان میں شہید رانی محترمہ بے نظیر بھٹو کی مدت سے علیل والدہ بیگم نصرت بھٹو، معروف عالمی باکسر محمد علی کلے، ماضی کے معروف مزاحیہ اداکار لہری اور وفاقی وزیر تجارت قبلہ مخدوم محمد امین فہیم صاحب اور ان کے صاحبزادے سے صوبائی وزیر مخدوم جمیل الزماں صاحب بھی شامل ہیں۔

بھاری ادوار میں فروری (اثرات 20 جنوری 2009ء سے) اپریل، جون، اگست اور نومبر شامل ہیں۔ واضح رہے کہ! سابق عالمی باکسر محمد علی کلے کی باکسر بیٹی لیلیٰ علی کے لئے بھی پریشانیوں کا دور رہے گا۔

''کون سے نام شخصیت پر مخالف اثرات مرتب کرتے ہیں''......؟

پیارے عزیزان زمانہ! وہ تمام نام جن کے نیچے ''زیر'' ہوتی ہے جیسے ندیم اور نسیم میں نیچے کے ''ی'' پر زیر ہے جو فرد کو بھی دوسروں کے سامنے ''زیر'' (نیچے) رکھنے اور سمجھنے کے لئے ماں، باپ (والدین) کے اصل ناموں کے سامنے ہونا ضروری ہوتا ہے، تاکہ! محض سرسری نظر ڈالنے والوں کے اعتراض کو واضح عددی دلائل کے تحت سمجھایا جاسکے باقی ''میں نہ مانوں'' کی تکرار کو کیا نام دیں؟

ایک خاص وضاحت:۔ مہربانی فرما کر حضرت چہاردہ معصومین علیہم السلام کے مبارک ناموں کو اس مثال میں ہرگز شامل نہ سمجھا جائے۔ جیسے ''مولائے کائنات امام المتقین امیر المومنین جناب علی ابن ابی طالب علیہ السلام اور کربلا کی عظیم ترین شیر دل پاک بی بی حضرت زینب سلام اللہ علیہ کی لازوال اور بے مثال شخصیات ہیں دونوں جہانوں میں میرے مولا علی اور مولا حسین علیہ السلام اور میری آقازادی جناب زینب سلام اللہ علیہ کی پیروں کی دھول یا خاک تک کو ہم چھو نہیں سکتے اور نہ ہی ان کے پیروں کی پاک خاک کے برابر ہو سکتے ہیں۔

دوستو! درحقیقت کربلا (کرب و بلا) کو لوگوں کی بڑی تعداد نے دل سے سمجھا ہی نہیں اور نہ ہی ''کربلا'' میں تیروں اور تلواروں کے سائے میں ادا کی جانے والی ''روحانی نماز'' کی حقیقت تک پہنچ سکے ہیں ورنہ، ورنہ، ورنہ آج کے بے مثال مصائب، مصائب محسوس نہ ہوتے اور کوئی مشکل، مشکل نہ ہوتی......؟ ...... بہت جلد وعدہ، حق پورا ہونے والا ہے۔ اور ''نظام مصطفیٰ'' اور انتظام مرتضیٰ کا پردہ غیب سے ظہور ہو رہا ہے اور ہونے والا ہے اور یہ جو بے مثال مہنگائی، افراتفری سیاسی جوڑ توڑ، بے سکونی، خودکش حملے اور زلزلوں کے جھٹکے اور ان سے لرزہ براندام ہونا گیا ہے۔ یہ ظلم و جور، عورتوں کا انتہائی بے شرم اور بے باک ہو جانا اور عورتوں کی کثرت ہونا یہی تو علامات ہیں کہ! حق کا ظہور قریب تر ہوتا جا رہا ہے۔

بس پیارے دوستو! حق اللہ، حق اللہ، حق اللہ، اللہ ھو، اللہ ھو، اللہ ھو۔ ''یا علی علیہ السلام تیرے چاہنے والوں کی خیر ہو'' (آمین ثم آمین)

لکھاری حضرات

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کے تمام محترم لکھاری حضرات سے گزارش ہے کہ وہ اپنی تحریر کاغذ کے ایک جانب واضح لکھ کر ارسال کریں اور خاص طور سے عربی آیات کا حوالہ یا اعراب لازمی لگایا کریں کوشش کریں کہ عام فہم زبان کا استعمال ہو۔

زندگی کی لکیر

تحریر: اشرف ندیم (سمندری)

زندگی کی لکیر پر اگر چار شاخہ پایا جائے تو اس میں بھی یہی خصوصیات پائی جاتی ہے لیکن زندگی کی لکیر میں چار شاخہ بہت کم دیکھنے میں آیا ہے۔

زندگی کی لکیر پر شروع سے آخر تک مختلف قسم کے نشانات پائے جاتے ہیں جن کا مطالعہ بے حد ضروری ہوتا ہے دست شناسی میں اس بات کو مدنظر رکھا جائے تو بات کچھ کی کچھ ہو جاتی ہے زندگی کی لکیر پر اکثر بالائی اور زیریں جانب کئی شاخیں مختلف ابھاروں پر نظر آتی ہیں کئی ہاتھوں پر مریخ مثبت سے یا زندگی کی پھر ظاہر ہونے والے خطوط بالائی جانب رخ کرتے ہیں۔

ہر ابھار نشان کی اہمیت بناتا ہے اور ہر ابھار پر علامات کے معنی مختلف ہوتے ہیں۔

زندگی کی لکیر سے ایک شاخ نکل کر اگر مشتری کے ابھار پر جا پہنچے تو ایسا شخص اپنی ذات سے دنیوی جاہ جلال اور دولت حاصل کرتا ہے اور یہ بچپن سے بڑھاپے تک درست اور مزید سے مزید کی طرف سرگرداں رہتے ہیں

زندگی کی لکیر سے اگر ایک شاخ مضبوط اور نمایاں نکل کر زحل کے ابھار پر پہنچتی ہو تو ایسا شخص اپنی زندگی میں اپنی مدد آپ کے تحت مادی استحکام حاصل کرتا ہے۔

ایسے لوگوں میں شعوری اور لاشعوری طور پر جائیداد بنانے کی خواہش بہت زیادہ ہوتی ہے اور اس میں وہ جدوجہد کر کے کامیاب ہو جاتے ہیں۔

ایسی لکیر کے حامل لوگ اگر غریب خاندان میں بھی پیدا ہوں تو عمر کے جس حصے میں لکیر نمودار ہوتی ہے تو یہ محنت سے دولت کما لیتے ہیں اس لکیر کی موجودگی اعلیٰ سماجی شہرت، علم و ادب، فنون لطیفہ سے محبت ظاہر کرتی ہے اور ایسے لوگ اپنی ذہنی صلاحیتوں کو بھرپور استعمال کرتے ہیں۔

زندگی کی لکیر سے ایک واضح شاخ اگر عطارد کے ابھار پر چلی جائے تو ایسا شخص دولت و اثر و رسوخ کے ساتھ نمایاں سماجی حیثیت حاصل کرنے میں کامیاب ہوتا ہے ایسے لوگ علمی استعداد سے اعلیٰ ڈاکٹر، سائنسدان وغیرہ بنتے ہیں۔

بہت اچھے تاجرن، کاروباری لوگ کے ہاتھوں میں ایسی علامت پائی جاتی ہے یہ لوگ بہت ہمدرد اور خیر خواہی والے جذبات رکھتے ہیں۔

زندگی کی لکیر پر چھوٹی شاخیں

کسی بھی ہاتھ پر زندگی کی لکیر بہت اہمیت کی حامل ہوتی ہے کسی بھی حوالے سے ہاتھ کا مشاہدہ کرنا ہو زندگی کی لکیر کا مطالعہ ضروری ہوتا ہے زندگی کی لکیر پر شاخوں کے حوالے سے مطالعہ جاری ہے زندگی کی لکیر سے نمودار ہو کر اوپر جانے والی شاخوں میں سے کوئی لکیر اگر دماغ کی لکیر سے یا راستے میں ہی رک جائے تو حامل انسان اپنی صلاحیتوں کی بھرپور انداز میں نہیں منوا سکتا۔ وہ نتائج حاصل نہیں کر سکتا جس کی اسے خواہش ہوتی ہے وقتی طور پر اسے کوئی کامیابی مل بھی جائے تو وہ دیرپا نہیں ہوتی۔

اگر ایسے شخص کی مناسب وقت میں مناسب راہنمائی کی جائے تو وہ پایہ تکمیل تک پہنچ سکتا ہے یہ لکیر رکاوٹ کے بعد اپنی سفر جاری رکھتی ہے۔

زندگی کے لکیر سے نکل کر اوپر جانے والی شاخوں میں سے کوئی ایک لکیر اگر ہتھیلی پر واقع ابھاروں میں سے کسی ایک کو عبور کر کے انگلی کی تیسری پور کی جڑوں کو قطع کرتے ہوئے اس میں داخل ہو جائے تو اس کو اچھی علامت نہیں سمجھتے۔ ان کا درمیانی عرصہ تو اچھا ہوتا ہے لیکن بڑھاپا اتنا اچھا نہیں گزرتا۔

بڑھاپے میں عزت و ناموس اور دولت کی کمی کی وجہ سے یہ ذہنی مریض بن جاتے ہیں۔

ہر وقت کی ٹینشن اور ڈپریشن کی وجہ سے اعصابی نظام متاثر ہوتا ہے اگر یہی شاخ زحل کے ابھار کو کراس کر کے دوسری انگلی کی تیسری پور میں داخل ہو جائے تو ایسے لوگ بڑھاپے میں جنونی ہو جاتے ہیں۔

زندگی کی لکیروں میں نکلنے والی شاخوں میں اگر کوئی شاخ چلتے چلتے راستے میں ٹوٹ جائے تو وہ وہاں سے مصائب کا شکار ہو جاتے ہیں مگر اپنی بھرپور صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر وہ ان مشکلات کا سامنا کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے ایسی لکیریں وقتی مشکلات پیدا کرتی ہیں۔

کسی ہاتھ پر اگر زندگی کی لکیر سے وقفہ وقفہ سے چھوٹی شاخیں بالائی جانب نکلتی ہوں تو ایسا انسان زندگی میں یکے بعد دیگرے اپنی ذاتی کوششوں سے فوائد حاصل کر لیتا ہے۔

پراپرٹی کا کاروبار کرنے والے اکثر حضرات میں یہ علامت دیکھی گئی ہے۔ عمر کے جس حصے میں مذکورہ لکیر سے شاخ پھوٹتی ہوئی محسوس ہو اسی دور میں حامل کو فائدہ ہوتا ہے۔ یہ فوائد حامل کو مالی طور پر کاروبار میں مل سکتے ہیں۔

زندگی کی لکیر سے درانتی کے دندانوں کی طرح اگر چھوٹی چھوٹی شاخیں پچھلی جانب نمودار ہوں تو اس علامت کے حامل افراد کاروباری طور پر غیر مستحکم ہوتے ہیں کاروبار کے حوالے سے انہیں اکثر مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

زندگی کی لکیر سے پچھلی جانب رخ کرنے والی شاخیں جواء بازی میں رقم اڑا دینے والے لوگوں میں ہوتی ہے۔

تاہم سٹاک ایکسچینج بروکرز انعامی بانڈز اور پراپرٹی وغیرہ کا کاروبار کرنے والے ایسے افراد جنہیں کاروباری سوجھ بوجھ زیادہ نہیں ہوتی جو غلط منصوبہ بندی کی وجہ سے نقصان اٹھاتے ہیں۔

اگر کسی ہاتھ پر زندگی کی لکیر آغاز میں ہی چھوٹی شاخیں ظاہر ہو کر ابھار مشتری کی طرف بڑھ رہی ہوں تو ایسا شخص کسی اچھے گھرانے میں پیدا ہوتا ہے اور اسے زندگی کی تمام سہولتیں میسر ہوتی ہیں۔

جس کی وجہ سے وہ بہتر منصوبہ بندی کر کے آئندہ زندگی کو کامیاب بنانے ہوتا ہے۔

کسی ہاتھ پر اگر زندگی کی لکیر کے آغاز میں اندر کی جانب ایک متوازی خط نظر آ رہا ہو تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ وہ شخص کسی قریبی رشتہ دار کی زیر سرپرستی پلا بڑھا ہے اسے زندگی بھر شفقتوں اور محبتوں کا ماحول ملتا ہے اس کی وجہ سے اس کے اندر خود اعتمادی پیدا ہو جاتی ہے ایسے لوگ بااعتماد ذہین اور نفسیاتی طور پر مکمل انسان ہوتے ہیں۔ اور یہ لوگ احسان فراموش نہیں ہوتے۔ زندگی کی لکیر سے نکل کر بالائی جانب والی لکیر کو مشتری کے ابھار پر اگر ایک ٹیڑھا سا خط قطع کر دے تو حامل شخص ہزار خوبیوں کے باوجود بھی عملی زندگی میں صفر ہوتا ہے۔

اس کے ہر کام میں کوئی نہ کوئی رکاوٹ آ جاتی ہے کبھی ساتھیوں کے بے وفائی اور کبھی اپنی ہی ذات کے لوگوں کی بے اعتنائی سہنا پڑتی ہے۔

ایسے لوگوں کے بارنے میں کہا جا سکتا ہے اگر یہ سونے کو ہاتھ لگا دے تو وہ مٹی ہو جاتا ہے۔

زندگی کی لکیر پر جزیرے

زندگی کی لکیر کے مطالعہ کے آغاز میں ہی بتایا گیا تھا کہ انسان پر حملہ آور ہونے والی بیماریوں اور دیگر حادثات کے حوالے سے پیش گوئی کرنے کیلئے زندگی کی لکیر کا مطالعہ کرنا پڑتا ہے اس کیلئے زندگی کی لکیر کو سات یا پھر نو حصوں میں تقسیم کرنا چاہئے اس طرح سے یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ عمر کے کون سے حصے میں بیماری یا حادثہ پیش اسکتا ہے اس کے ساتھ ساتھ ہاتھ پر مختلف نشانات مثلاً کراس نقطہ جزیرہ سے تکون تل ستارہ وغیرہ کو بھی دیکھ کر مزید حتمی رائے دی جا سکتی ہے یعنی زندگی کی لکیر اور علامات کے بیک وقت مطالعہ سے کسی انسان کی زندگی پوری تصویر کشی کی جا سکتی ہے۔

کسی ہاتھ پر زندگی کی لکیر کا آغاز نمایاں جزیرے سے ہو اور یہ جزیرہ دونوں ہاتھوں پر ہی واضح نظر آ رہا ہو تو حامل علامت کی پیدائش اس کے والدین کے ناجائز تعلقات کا نتیجہ ہوتی ہے یہ بات قابل ذکر ہے کہ مذہب میں شادی بیاہ کی تقریبات کا اپنا الگ طریقہ ہوتا ہے میاں بیوی مذہبی اور معاشرتی انداز کے مطابق رشتہ ازدواج میں منسلک ہوتے ہیں۔ یہ علامات دراصل ان مذہبی اور معاشرتی انداز سے روگردانی کی علامت ہے یہاں ایک بات بہت اہم ہے۔

کہ بعض اوقات زندگی اور دماغ کی لکیریں اکٹھا آغاز کرتے ہوئے ایک جزیرہ بناتی ہیں اس صورت میں اس کی تاریں یہ نہیں ہوتی۔

زندگی کی لکیر جب کسی ہاتھ سے چھوٹے چھوٹے جزیروں سے ترتیب پائے تو پھر اس کا مطلب یہ لیا جاتا ہے کہ صاحب دست پیدائشی طور پر نفسیاتی مریض ہے اگر اس کے ساتھ ساتھ دماغ کی لکیر پر بھی بار کراس یا جزیرہ کی علامت موجود ہو تو یہ دماغی طور پر تندرست نہیں ہوتا۔

ایسے لوگ عام لوگوں کی نسبت زیادہ بے چینی اور اعصابی تناؤ کا شکار ہوتے ہیں۔ اگر ان کا باقاعدہ نفسیاتی عاج کر دایا جائے تو نارمل زندگی بھی گزار سکتے ہیں۔

کسی ہاتھ پر اگر زندگی کی لکیر پر کہیں بھی جزیرہ کا نشان پایا جائے تو جس جگہ نشان ہوگا عمر کے اس حصے میں حامل علامت شخص بیمار ہو جائے گا۔

اگر دونوں ہاتھوں میں ایک ہی دور میں جزیرہ کا نشان پایا جائے تو یہ کسی سرجیکل آپریشن کی علامت ہے۔ ہاتھ کی لکیر علامات کا بغور مطالعہ کر کے یہ بھی معلوم کہا جا سکتا کہ سرجیکل آپریشن جسم کے کسی حصے میں ہوگا۔ زندگی کی لکیر پر جزیرے کا اور ختم ہوتے ہی حامل علامت تندرست توانا ہو کر خوش وخرم زندگی بسر کرنے لگتا ہے۔

کسی خاتون کے ہاتھ میں جزیرہ کا نشان زندگی کی لکیر پر اگر اس جگہ نظر آ جائے جہاں سے عہد شباب شروع ہوتا ہے۔ تو اسے اس دوران گائنی کے امراض لاحق ہو جاتے ہیں۔ اس کے ہاں اولاد ہی آپریشن سے ہوتی ہے۔

جزیرہ کا نشان اگر پچاس برس کے بعد نظر آئے تو اس سے جان لیوا بھی مرض لاحق ہو سکتا ہے اس بیماری میں عام طور پر خاتون کو اعصابی تناؤ اور ذہنی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

جزیرہ کا نشان اگر کی ہاتھ پر زندگی کی لکیر کے اختتام پر نظر آئے تو ایسا شخص کا بڑھاپا مختلف قسم کی بیماریوں اور پریشانیوں میں ہی گزرتا ہے ایسے لوگوں کی عمر خاصی طویل ہوتی ہے لیکن کسمپرسی اور مجبوری میں موت کی دعا کرنے پر مجبور کر دیتی ہے۔ کسی ہاتھ پر زندگی کی لکیر راستے میں ٹوٹ جائے تو حامل حالت عمر کے اس حصے میں کسی جسمانی حادثہ کا شکار ہو سکتا ہے۔

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

عطارد تسدیس زہرہ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	غروب آفتاب	رجال الغیب
ہفتہ	8	10:05 تا 11:12	17:56 تا 18:03	شمال مغرب	24:19 تا 01:12	شمال مشرق

(1) (مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر میں کسی کے دل میں محبت پیدا کرنا بھی شخص کو بلانا یا مطلوبہ جگہ شادی کرنے کے لیے عمل کیا جا سکتا ہے۔ مگر یاد رہے کہ عمل صرف نیک نیتی کی بناء پر کیا جائے غیر شرعی اور محض کسی کو تنگ کرنے کے لیے عمل کرنے والا خود مصیبت میں گرفتار ہو جاتا ہے اور ایسے شخص کو موکلات سخت سزا دیتے ہیں۔ جائز طور پر عمل کرنے والے کا کام موکلات فوری کرتے ہیں (عمل) 1 تسبیح استغفار +1 تسبیح درود شریف +2 رکعت نفل برائے حب (یہاں پر مطلوبہ شخص کا نام مع والدہ لیا جائے) سلام پھیرنے کے بعد +4000 بار یا بُدوحُ یا وَدُوْدُ +1 تسبیح درود شریف پڑھنے کہ بعد سفید کاغذ پر 20,20 بار انہیں اسم اعظم پر لکھیں اور ایسے 4 کاغذ تیار کریں نیچے اپنا مقصد دعائیہ انداز میں تحریر کریں۔ ان میں سے ایک کاغذ کو تعویز کے انداز میں لپیٹ کر پھلدار درخت سے لٹکا دیں دوسرا نقش زمین میں دفن کر دیں تیسرا نقش وزن کے نیچے دبائیں چوتھا نقش اپنے پاس رکھیں۔ روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود شریف 21 بار انہی اسم اعظم کو 4 تسبیح کی تعداد میں پڑھیں انشاءاللہ جلد ہی مقصد پورا ہوگا یہ تمام عمل خاموش اور تنہا مقام پر پڑھیں۔ عمل ختم ہونے پر 40 روپے کی شیرینی پر فاتحہ دے کر نزدیک ترین دربار پر تقسیم کر دیں۔

مریخ تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال الغیب	غروب آفتاب	رجال الغیب
منگل	11	05:36 تا 06:43	13:27 تا 14:34	مشرق	19:03 تا 19:56	جنوب مشرق

(مقصد عمل) عموماً اس نظر کے تحت دشمن کی ہلاکت یا بیماری کے اعمال کیے جاتے ہیں لیکن آج کے عمل میں ایسا ظالم شخص جو کہ شرابی ہو یا بدکار ہو یا کسی بھی نشہ کا عادی ہو اُسکی اس عادت کو ترک کرنے کے لیے عمل کیا جا سکتا ہے۔
اعوذ بکلمات اللہ التامات منغصبہ و عقابہ ومن شرعبادہ ومن ھمزات الشیاطین واعوذ بک رب ان لحضرون

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص کی عادت تھی کہ اپنے سمجھدار بچوں کو یہ مسنون دعا سکھا دیتے تھے اور ناسمجھ بچوں کیلئے کاغذ پر لکھ کر ان کی گردن میں بطور تعویز ڈال دیتے تھے (مشکوۃ صہ 217)

نظر بد کا علاج

جس پر نظر بد کا شدید اثر ہو گیا ہو ان آیات کو سبز انگور کے عرق اور زعفران سے لکھ کر اولے کے پانی سے دھو کر غسل کرے انشاء اللہ شفاء ہو گی اور نظر بد کا اثر ختم ہو جائے گا۔

وان یکاد الذین کفرو الیزلقونک بابصارھم لما سمعوا الذکر ویقولون انہ لمجنون وما ھوالاذکر للعلمین۔

کوئی شخص اپنے اوپر یا اپنے عزہ یا مال پر نظر بد لگنے کا وھم کرے تو وہ اسی آیت کو پڑھ کر تین مرتبہ دم کر دیا کرے۔

جس کسی کو بد نظر لگ گئی ہو خواہ وہ مرد ہو یا عورت یا بچہ جو بھی ہو ایسی حالت میں نو (9) تار کچے نیلے سوتی دھاگہ کے جو مریض کے گلے میں آجائیں ان پر چھ گرہیں لگائی جائیں اس طرح ہر گرہ پر سات بار درود شریف اور تین بار قل ھو اللہ احد یعنی سورۃ الاخلاص پوری پڑھ کر دم کریں پھر یہ گنڈہ مریض کے گلے میں ڈال دیں اور اگر جانور کو بد نظر لگ گئی ہو سیاہ اون لیکر اس کا دھاگہ اتنا بڑا لیا جائے کہ جانور کے گلے میں آجائے اس اون کے بھی 9 تار لئے جائیں گے اور ان پر بھی چھ گرہیں لگائی جائیں گی اور ہر گرہ پر سات بار درود شریف اور تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر دم کریں اور اس گنڈے کو نظر والے جانور کے گلے میں ڈال دیں۔

جس شخص کو نظر بد لگ گئی ہو اور مریض کی حالت زیادہ خراب ہو گئی ہو تو اس

نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں باندھے اور اسی نقش کو دوبارہ لکھ کر فتیلہ بنا کر مغرب کے بعد گائے کے گھی میں مریض کے سرہانے روشن کیا جائے۔ جب تک فتیلہ جلتا رہے گا مریض بھی چارپائی پر لیٹا رہے یہ عمل تین یوم لگاتار کر لیا جائے چراغ کو تین یوم کے بعد زمین کے اندر دفن کر دیا جائے۔
انشاءاللہ نظر بد کا اثر جاتا رہے گا اور مریض صحت یاب ہو جائیگا۔

۱۶۶۳۹	۱۶۶۴۲	۱۶۶۴۵	۱۶۶۳۲
۱۶۶۴۴	۱۶۶۳۳	۱۶۶۳۸	۱۶۶۴۳
۱۶۶۳۴	۱۶۶۴۷	۱۶۶۴۰	۱۶۶۳۷
۱۶۶۴۱	۱۶۶۳۶	۱۶۶۳۵	۱۶۶۴۶

نظر لگانے والا حاسد ہو اور عمدہ کسی چیز کو نظر لگائے اور اس عمل بد سے باز نہ آتا ہو تو یہ دعا پڑھے۔ انشاءاللہ العزیز وہ شخص دوبارہ کسی کو نظر نہ لگا سکے گا۔
بسم اللّٰہ عَظِیمِ الشَّانِ شَدِیدِ البُرھَانِ مَاشَاءَ اللّٰہ کَانَ حَبسَ حَابِسٍ مِن حَجَرٍ یَابِسٍ وَشِھَابٍ قَابِسٍ اَللّٰھُمَ اِنِی رَدَدتُ عَینَ العَائِنِ عَلَیہِ وَعَلٰی اَحَبِّ الناسِ اِلَیہِ فَارجِعِ البَصَرَ ھَل تَرٰی مِن فُطُور۔ ثُمَ ارجِعِ البَصَرَ کَرَّتَینَ یَنقَلِبُ اِلَیکَ البَصَرُ خَاسِئًا وَّھُوَحَسِیُٔ۔

ہیلپ لائن

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں شائع شدہ مضامین میں قارئین کرام کو اگر کوئی بات سمجھ نہ آتی ہو یا کسی بھی سلسلہ میں مدد درکار ہو تو اس ہیلپ لائن پر شام 4:00 تا شام 6:00 رابطہ کر سکتے ہیں۔ انشاءاللہ مکمل راہنمائی کی جائے گی۔

0333-6158193

کرشمات حروف

تحریر: شاہینہ کنول (ملتان)

روح سے روحانیات کا سلسلہ عصر حاضر سے نہیں بلکہ یہ سلسلہ ہمارے باپ حضرت آدم علیہ السلام سے شروع ہوتا ہے۔ اور یہی رابطہ تا قیامت قائم رہے گا۔ بعض لوگ قدرت کی پہنائیوں میں سرگرداں رہتے ہیں۔ مگر منزل مقصود ان کا مقدر نہیں بنتی۔ جیسے بارش زمین پر یکساں رستی ہے مگر جہاں پر گڑھا ہوتا ہے وہاں پر پانی ٹھہر جاتا ہے۔ جبکہ سپاٹ زمین پر پانی ٹھہرتا ہی نہیں بہہ نکلتا ہے۔ مطلب ساری بات کا یہ ہے۔ جن لوگوں میں روحانیت اور یکسوئی ہوتی ہے ان کیلئے کچھ مشکل نہیں۔ اب اکثر حضرات یہ کہتے ہیں یکسوئی آئی نہیں اور روحانیت کیسے پیدا ہو؟ تو قرآن پاک میں خود ہی اس کا جواب موجود ہے کہ ''انسان فطری طور پر جلد باز ہے''۔

کسی بھی اونچی جگہ پر جانے کیلئے step by step جانا پڑتا ہے اور جو یکدم چھلانگ لگاتا ہے وہ ہمیشہ منہ کے بل ہی آتا ہے۔ میری صرف یہی التجا ہے کہ اپنے وقت کو ضائع کرنے کے بجائے خود کو اس کام میں فنا کر لیں میں گارنٹی سے کہتی ہوں کہ کبھی نامراد نہیں ہوں گے۔ آج آپ خود کو مٹی میں ملائیں گے تو کل ثمر دار درخت کی صورت خود کو پائیں گے۔

تکمیل قرآن میں حروف ''ت'' اپنی حیثیت رکھتا ہے۔ قرآن پاک کی سورۃ الھب کا آغاز ''ت'' سے ہی ہوتا ہے۔ قران پاک کا ایک ایک لفظ معجزات سے لبریز ہے اگر خلوص نیت سے قران پاک کی صرف ایک ہی لفظ کی ریاضت کر لی جائے تو کوئی کمال نہیں کہ دنیا کے معجزات اُس شخص پر رونما نہ ہوں۔ مختلف امراض کے خاتمہ کیلئے حروف ت سے متعلق چند اعمال قارئین کی خدمت میں پیش کرتی ہوں۔

خاتمہ آنتوں کی خشکی

اکثر لوگوں کو آنتوں میں خشکی کی شکایت ہوتی ہے تو وہ سورۃ الھب عشاء کی نماز کے بعد 101 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ 24 گھنٹے میں پینے کیلئے صرف یہی پانی استعمال کریں۔ مطلب یہ ہے کہ اتنے پانی پر دم کریں کہ صبح سے رات تک کیلئے کافی ہو۔ اور جو پانی بچ جائے۔ وہ کسی کیاری یا درخت کی جڑ میں ڈال دیں۔ اسی طرح اگلے دن پانی پر دم کر کے صبح سے شام تک پیا جائے مدت علاج اکیس یوم ہے۔ اکیس یوم میں انشاء اللہ اس مرض سے نجات مل جائے گی۔ اور اس دوران کوئی دوسرا پانی نہ پیا جائے۔

تبادلہ ملازمت

ملازمت کے سلسلے میں کسی جگہ یا دوسری جگہ یا ایک شہر سے دوسرے شہر میں تبادلہ ہو گیا ہو۔ اور اس کو رکوانا مقصود ہو تو اس کے عشاء کی نماز کے بعد انیس روز تک انیس مرتبہ پوری سورۃ الھب پڑھ کر دعا مانگیں۔ تو انشاء اللہ تبادلہ رک جائے گا۔

حل المشکلات

اصل میں انسان پر مشکلات صرف اسی وقت ہی آتی ہیں جب ہمارے اعمال خدا کے ہاں پہنچتے ہیں۔ چوری' جھوٹ' نجانے کیا کیا؟ ایسے غلیظ گناہ سرزد ہوتے ہیں۔ کہ خدا کی پناہ......! تو پھر جب اپنا ہی کیا سامنے آتا ہے۔ تو گھبرانا کیسا......! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم جیسے مہربان ہستی کی امت ہونے کی ہی لاج رکھ لیجئے کہ برزحشر کس منہ سے اپنے آقا کے سامنے پیش ہوں گے۔ اسلام کے پانچوں رکن کو اپنے پلو سے باندھ لیجئے۔ جب اللہ سے آپ کی محبت ہوگی تو ممکن ہی نہیں کہ اپنے بندے کو خدا مشکلات میں ڈال دے۔ کیونکہ اللہ تو ماں سے بھی ستر گناہ زیادہ محبت کرتا ہے۔

کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے۔


محبت خود تجھ کو آداب محبت سکھا رہی ہے۔

تو ہم بھی اللہ کے احکام کو تھام کر اللہ کا قرب حاصل کر سکتے ہیں۔ اور اس کے ساتھ محبت میں ہی تمام مشکلات کا حل ہے۔ دُنیا کی مشکلات میں بھی اور آخرت کی مشکلات میں بھی۔

برائے حفاظت

کاروباری حضرات جن کا روزگار سفر میں ہے۔ یا سیلز مین جو ایک شہر سے دوسرے شہر یا گاؤں در گاؤں سامان کی فروخت کیلئے پھرتے ہیں۔ اکثر اوقات راستے میں جنگل' بیابان یا پھر سامان کی چوری کا خدشہ رہتا ہو۔ تو ایسے حضرات کیلئے یہ نقش مبارک بہت تیز تاثیر رکھتا ہے۔ کہ اس نقش مبارک کو لکھ کر پاس رکھنے سے جان و مال کے نقصان سے امن میں رہے گا۔

۷۸۶



مگر لکھنے سے قبل ساعت شمس کا اگر انتخاب کرلیا جائے تو بہت بہتر ہے۔ کیونکہ شمس طاقت ور ہے اور تیز اثر رکھتا ہے۔ اور کوئی یہ نہ جانتا ہو شمس کی ساعت کب شروع ہوتی ہے؟ تو اتوار کی صبح جب سورج طلوع ہو اس وقت شمس کی پہلی ساعت شروع ہوتی ہے۔ تقریباً پونا گھنٹہ چلنے والی اس ساعت میں نقش مبارک تیار کرسکتے ہیں۔ نقش کی تیاری کرتے وقت اگر سیاہی زعفران کا استعمال کیا جائے تو بہت بہتر ہے کیونکہ اس سے نقش مبارک کی تاثیر میں مزید اضافہ ہوگا۔

حصول مرتبہ وعزت (شرف عطارد)

ان حضرات کیلئے جو اعلیٰ مرتبہ اور ترقی کے خواہ ہوں۔ اور مدت سے صرف ایک ہی عہدہ پر قائم ہوں اور وہ چاہتے ہوں کہ اعلیٰ عہدہ پر چلے جائیں ایسے افراد کیلئے مبارک ساعت آرہی ہے 12 اگست کو عطارد چلتے ہوئے برج سنبلہ کے 15 درجے پر آجاتا ہے۔ تو اسے شرف حاصل ہوتا ہے۔ شرف عطارد کا وقت 12 اگست کو 08:37 سے شروع ہوکر 13 اگست 01:57 منٹ تک رہے گا ان اوقات میں تیار کردہ الواح تیر بہدف حیثیت رکھتی ہیں۔ اور وہ شخص یہ چاہتا ہو کہ ترقی اور کامیابیاں ان کا مقدر ہوں اور کوئی بھی شخص وعناد سے ان کے راستے کا پتھر نہ بنے اور قسمت کی دیوی ان پر مہربان ہو اس ستارے کے موکل **یا مالک یا قدوس** کی لوح تیار کروا کے پہنے اس کوکب کی لوح مخمس ہے۔

چال لوح

۱۱	۲۴	۷	۲۰	۳
۴	۱۲	۲۵	۸	۱۶
۱۷	۱۵	۱۳	۲۱	۹
۱۰	۸	۱	۱۴	۲۲
۲۳	۶	۱۹	۲	۱۵

ث:۔ یہ حروف بارد طب ہے۔ عدد اس کے پانچ سو ہیں۔ جو کوئی شخص چاندی پر اس حروف کو لکھے اور بیمار کو پانی سے دھوکر پلادے تو انشاء اللہ وہ شخص شفایاب ہوگا۔ بصورت دیگر فائدہ کے مجھ گنہگار اور چیف ایڈیٹر رسالہ تحفہ روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کیلئے خصوصی دعا فرمائیں کہ مزید روحانی ترقی عطا فرمائے مکتبہ ر...انیات اور رسالہ کو حاسدین اور نظر بد رکھنے والے لوگوں سے محفوظ رکھے (آمین)۔

ٹیلی فون سے پریشانی

قارئین کرام! ٹیلی فون کی سہولت سے ناجائز فائدہ نہ اٹھائیں۔ کیونکہ علی الصبح ہو یا آدھی رات کا وقت، ہر لمحہ فون کی بیل ہوتی رہتی ہے۔ پریشان حال لوگوں کے فون کا تانتا بندھا رہتا ہے۔ دن ہو یا رات یہ سلسلہ چلتا رہتا ہے۔ اس دوران میں اپنے ورد اوراد اور آپ ہی جیسے پریشان حال دیگر لوگوں کے مسائل کے حل کے لئے وظائف یا عمل کررہا ہوتا ہوں تو اس پڑھائی میں شدید خلل پیدا ہوتا ہے۔ میری سب سے بڑی مجبوری یہ ہے کہ میں فون کسی دوسرے شخص کو سننے کے لئے بھی نہیں دے سکتا۔ کیونکہ ہر شخص کی یہی خواہش ہوتی ہے کہ میں فون پر خود بات کروں۔

میری تمام قارئین کرام سے گزارش ہے کہ وہ صرف مقررہ اوقات میں ہی فون کریں۔ تاکہ آپ ہی لوگوں کے مسائل کے حل کے لیے جو اعمال یا ورد وظائف کررہا ہوتا ہوں۔ اس میں میری یکسوئی مکمل طور پر رہے۔ اُمید کرتا ہوں کہ قارئین کرام بھرپور تعاون فرمائیں گے۔

0300-6351192

لوح فتح

دنیاوی پریشانی چاہے کسی بھی قسم کی ہو لوح فتح کی برکت سے چند منٹوں میں ہی ختم ہوجاتی ہے اس لوح کے پاس رکھنے سے مقدمات سے چھٹکارہ، مالی آسودگی، روزگار میں ترقی، قرض سے نجات، جسمانی صحت، گھریلو لڑائی جھگڑے سے نجات، من پسند شادی، حصول اولاد، دفع بندش کاروبار، غلبہ دشمن حاصل ہوتا ہے علم جفر کی اس معجزاتی لوح کی برکت سے کوئی ایسا کام نہیں کہ جس میں تاخیر ہو اس لوح کو عرصہ دراز سے آزمایا جاچکا ہے کہ جس کی برکت سے چند ہی دنوں میں بے شمار خوشیاں حاصل ہوجاتی ہیں۔ قدرت کا یہ ایک انمول تحفہ ہے۔ اپنی مشکلات اور پریشانیاں جوابی لفافہ کے ہمراہ نام مع والدہ کے ادارہ کو ارسال کریں جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ادارہ روحانیات میں تیار کی جانے والی تمام الواح ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل صاحب اپنے دست مبارک سے تیار کرتے ہیں۔ ہدیہ لوح فتح 2100 روپے

0300-6351192

اعمال و تعویزات برائے محبت

تحریر :۔ علامہ مفتی طالب حسین کربانی (چک مغل)

قارئین کرام! میں چند اعمال ونقوش محبت کیلئے مجرب آپ کی خدمت میں پیش کرر ہاہوں امید ہے کہ ضرورت مند عزیز اس سے ضرور مستفید ہونگے

برائے شدید محبت

محمد بن علی اکبر عطاری تبریزی اپنی فارسی کی کتاب درعلم جفر صفحہ نمبر 156 میں لکھتے ہیں کہ۔ برائے محبت شدید۔ برمد جملیش جملیش شیش مع مطلوب اوراس کی والدہ کے نام ان کو آگ میں جلائیں جلاتے وقت یہ عزیمت پڑھیں۔

عزمتُ علیکم یااسرافیلُ وبادو بائیلُ یاروبائیل یاسر حاکیلِ یاارداثیلِ بحولِ اللہِ وتوتہ واقسمتُ علیکم بعزِ اللہِ وبنورِ وجہِ اللہِ وبحقِ روحالیتکم اطیعونی وسخرلی قلبَ فلاں ابنِ فلاں ۔ یہ تجربہ شدہ ہے۔

حاضر مطلوب

الحکیم ھرمس الھر امسہ اپنے عربی رسالے ھبۃُ المنانِ فی تسخیرِ ملوک الجان مکتبۃ القاھرۃ صفحہ نمبر9 میں لکھتے ہیں کہ۔

جب آپ کا ارادہ اس عمل کے کرنے کا ہوتو آپ اس کو ایک کوری شفقۃ یعنی صاف شفاف ٹھیکری پر لکھیں۔ آپ اس کو آگ کے نیچے دفن کریں اور مطلوب حاضر ہوکر آپ سے محبت کرے گا۔ عمل یہ ہے۔

شروع سورۃ بروج سے لیکر الحریق تک (یعنی پہلی دس آیات) اِنّہ صَحِیحٌ بیشک یہ عمل صحیح ہے۔

حُب و تسخیر

ھبۃ المنان فی تسخیر ملوک الجان صفحہ نمبر تسعہ میں ہے کہ نابالغ بچے کی ہتھیلی پر لکھیں اورنیت محبت بیدار کرنے کی ہو

طَ یش ۳ ط بوش ۳ قلبوش ۳ قلموس ۳ ایش ۳ طمش ۱۳ انہ من سلیمان وانہ الی العلمون اجب یامیبون شئی ھذا الکوز الوحا العجل اساعۃ بارَکَ اللّٰہ فیکم وعلیکم مجرب صحیح۔

محبت ذوجین

آپ کا ارادہ زوجین کے درمیان محبت کرانے کا ہوتو آپ ایک خیط (دھاگہ) خاوند کے لباس سے لیں اور ایک دھاگہ بیوی کے کپڑوں سے لیں ان دونوں دھاگوں کو آپس میں افتلھم یعنی بٹیں اور آپ کسی نیک ساعت میں یہ پڑھیں۔

وَاعتَصِمُوا بِحَبلِ اللّٰہِ جَمِیعاً وَلا تَفَرَّقُوا وَاذکُرُوانِعمَۃَ اللّٰہِ عَلَیکُم اِذ کُنتُم اَعداءً فَاَلفَ بَینَ قُلُوبِکُم فَاَصبَحتُم بِنِعمَتِہ اِخوَاناً یَااَیُّھَاالنَّاسُ اِنَا خَلَقنٰکُم مِن ذَکَرٍ وَّاُنثی وَجَعَلنٰکُم شُعُوباً وَّقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا اِنَّ اَکرَمَکُم عِندَاللّٰہِ اَتقٰکُم اِنَّ اللّٰہ عَلِیمٌ خَبِیرٌ۔

اَللّٰھُمَّ اَلِّف بَینَھُم کَمَا اَلَفتَ بَینَ سَیِّدِنَا مُوسیٰ وَھَارُونَ وَاَلِّف بَینَھُم کَمَا اَلَّفتَ بَینَ سَیِّدِنَا جبریل وَمِکَائِیلَ اَللّٰھُمَّ اَلِّف بَینَ فَلَانِ اِبْنِ فَلَانَۃ کَمَا اَلَّفَ بِحَقِ وَمَثَلُ کَلِمَۃٍ اَصلُھَا ثَابِتٌ وَّفَرعُھَا فِی السَّمَآءِ تُؤتِی اُکُلَھَا کُلَّ حِینٍ بِاِذنِ رَبِّھَا وَیَضرِبُ اللّٰہُ الاَمثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّھُم یَتَذَکَّرُونَ۔ اس کو ایک مرتبہ پڑھ کر گنڈے پر ایک گرہ لگائیں اس طرح سات گرہ لگائیں اس گنڈے پر بخور لبان کی دھونی دیں اس گنڈے کو طالب اپنے گلے میں پہنے یحصل المطلوب یعنی مطلوب حاصل ہوگا۔ مجرب صحیح

حُب شدید

اس کو لکھیں جمعہ کے دن سورج کے طلوع میں ایک ورقہ پر اس کو حرکت دیں اپنی مرضی کے مطابق سر کے اوپر پس بیشک اس کی محبت شدید آپ سے ہوگی۔ یعنی وہ مطلوب آپ سے بہت شدید محبت کرے گا۔

عزیمۃ یہ ہے۔

م ۷ ۸ ۱۱۱ ک ۸۶۲۱ ے ک ۹ ۲ ۱ ۹ ۱ د ر

هبة المنان فی تسخیر ملوك الجان صفحه ۱۸

معجزات عملیات

تحریر:
محمد ریاض قادری
(کراچی)

قارئین تحفہ روحانیات! عملیات سے استفادہ کرنا ہر ایک کا کام نہیں اس کیلئے بڑی جان جوکھوں میں ڈال کر محنت اور ریاضت سے گزرنا پڑتا ہے کچھ لوگ یہ چاہتے ہیں کہ عمل پڑھا اور بس ایک ہی دن میں اس کے اثرات نظر آجائیں۔ اس سے پہلے ان کی کوئی محنت نہیں ہوتی بھلا یہ کیسے ہوسکتا ہے ایک معمولی سا کام مثلاً سائیکل کو پنچر لگانا بھی پڑے تو پہلے اس کام کو سیکھنا پڑتا ہے لیکن جہاں پر اعمال کی بات آئے تو کہتے ہیں کہ اس کا فوری اثر نظر آجائے۔ میرے بھائیوں آج کل استاد کامل ملنا بہت مشکل ہے اور اگر کسی شخص کو کامل استاد مل جائے تو یہ اُسکی خوش نصیبی ہے یہ عام بات ہے کہ ہر شخص استاد بنا پھرتا ہے اور خود کو کامل بھی سمجھتا ہے باری تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ ایسے لوگوں کو ہدایت دے جو کہ خود تو کبھی کوئی عمل نہیں کرتے اور سادہ معصوم لوگوں کو عملیات کی بھینٹ چڑھا دیتے ہیں۔

سید محبت علی شاہ صاحب کے آزمودہ اور میرے تجربے شدہ چند روحانی اعمال حاضر خدمت ہیں۔ قارئین یہ تمام اعمال مجرب اور آزمودہ ہیں شک وشبہ کی گنجائش نہیں۔

(1) دفع نکاح بندش!

جمعہ کے روز زہرہ کی ساعت میں مندرجہ ذیل نقش ۷ عدد لکھیں زعفران اور عرق گلاب کی سیاہی سے پھر روزانہ ایک نقش پانی کی بالٹی یا ٹپ وغیرہ میں ڈال کر جوش دیں۔ بعد میں پانی ٹھنڈا کر کے بندش کے شکار لڑکا یا لڑکی کو اسی پانی سے نہلائیں! مسلسل ۷ روز یہی عمل دہرائیں۔ آٹھویں دن مزید دو نئے نقش زہرہ کی ساعت میں لکھیں۔ ایک نقش متاثرہ فرد اپنے پاس رکھے اور دوسرا نقش کسی بھی پھل دار درخت کے ساتھ باندھ دیں یاد رہے پھل میٹھا ہو کھٹا نہ ہو۔

ط ااا حاضر ااا ۱۱۹ اا ااا ۹۱۱ ااا ۵ ح

اا ء ۱۸۸ ۸۸۸ اا ۱۱۸ ۶۱۱

یا اللہ جل جلالہ به برکت ایں تعویز پیغام نکاح فلاں بن فلاں موصول شود

(2) ظالم حاکم مہربان ہو جائے!

اگر کوئی شخص اپنے آقا سے، بیوی شوہر یا شوہر بیوی، اس کے ظلم سے عاجز آ گیا ہو تو بوم پرندے کی دونوں آنکھیں اور پر سمیٹ کر تعویز کی شکل میں اپنے پاس رکھیں یہ کراماتی عمل ہے۔ جیسے ہی ظالم شخص کی نگاہ مظلوم پر پڑے گی تو انشاء اللہ موم ہو جائیگا۔ آزمالیں۔

(3) بغیر کنجی قفل کھولنا!

بروز نوچندی اتوار زاغ سیاہ، چیل کا گھونسلا بوقت دوپہر 12 بجے برہنہ ہو کر درخت سے اتاریں پھر ان دونوں گھونسلوں کو گوگل کی دھونی دیں اور مسان گھاٹ میں مٹی کے برتن میں جلائیں اور اس راکھ کو بحفاظت اپنے پاس رکھیں۔ جب بھی کوئی تالا کھولنا مقصود ہو تو اس کی چٹکی بھر راکھ ماروئی الفور تالا کھل جائیگا۔ مجرب شدہ ہے۔

(4) نوچندی اتوار یا منگل کو ایک عدد مینڈک کبیر پکڑ کر ہلاک کریں اس کی مسان حاصل کریں سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر کسی بھی مرد یا عورت کے سرہانے رکھ دیں جو بھی بات کریں دل میں۔ سوتا شخص آپ کو بالکل درست جواب دے گا۔ نیند سے بیداری کے بعد اس کو بالکل یاد نہیں رہے گا کہ اسنے کون کون سے رازوں نے پردہ اٹھایا ہے۔

فیضانِ افتخار

تحریر
پیر افتخار احمد قادری

قارئین تحفہ روحانیات آداب وقت ملتے ہی آپ کی محفل میں حاضر ہوں شکریہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب اور پوری ٹیم کا جو میرے مجربات کو اپنے ماہنامے جنتری میں جگہ دیتے ہیں اس دھوکا فراڈ کے دور میں حقیقی روحانی علم کی تشہیر کر رہے ہیں ہزاروں سائلین فیضیاب ہو کر دعاؤں سے نوازتے ہیں میں کوبہ کو سفر کرنے والا بندہ ہوں صوبہ پنجاب سے باہر گوادر سندھ کے قارئین دور دراز کا سفر طے کر کے تحفہ روحانیات خریدتے ہیں اس مہنگائی کے دور میں ادارے کو چلانا بھی کسی کرامت سے کم نہیں مقصد کی طرف آتے ہیں عیون السحر میں تشخیص آسیب جن کیلئے متذکرہ بالا عمل کے اثرات کا حاصل جو میرا ذاتی طور پر آزمودہ مجرب ہے درج ذیل عمل اگرچہ طریقہ تشخیص کے اعتبار سے تمام عمل سے بالکل جدا بلکہ طلسماتی اعمال کی حقیقت کے مشاہدہ کا ایک حیرت انگیز کرشمہ بھی ہے حکیم قطبی تحریر کرتے ہیں کہ جب کسی مریض کے مرض کی تشخیص کرنا مطلوب ہو تو زعفران و عرق گلاب کی سیاہی سے ذیل کے طلسمات کو کاغذ پر تحریر کریں اس کے بعد اس کاغذ کو تعویذ کی طرح پارچہ حریر یا چمڑے کے ٹکڑے میں لپیٹ کر مضبوطی سے سی دیں اور رات کو سوتے وقت مریض کے گلے میں پہنا دیں یا اس کے بازوئے راست پر باندھ دیں مریض کے جناتی و آسیبی اثرات کے زیر اثر ہونے کی صورت میں دوسرے روز جب وہ صبح کے وقت بیدار ہو کر دیکھے گا تو چمڑے کا ٹکڑا یا کپڑا تو اپنی اصلی حالت میں جوں کا توں ہی موجود ہوگا لیکن اس میں باندھا ہوا تعویذ حیرت انگیز طور پر غائب ہو چکا ہوگا حسب ضرورت جتنی مرتبہ اور جس وقت بھی اس عمل کا آسیب زدہ مریض پر تجربہ کیا جائے گا اسی عجیب و غریب کرشمہ کا مشاہدہ سامنے آئے گا۔

عبارت یہ ہے

الھنو الجا ھوتیا جیا تعزطا توتیا دحا اکربدی زھاتوت ھوث یا ارواح اطلف طیراث ھیوثا اھیوثا الا ان دحا احامن الارض ولا اسماء والحبر والبر والجن والانس حیرحیا طاجا مرحیاً

تشخیص سے سحر یا آسیب ثابت ہو جائے تو نقش دفع جنات درج ذیل استعمال کرائیں قارئین حضرات سے التماس ہے کہ بندہ کا وقت سفر میں گزرتا ہے ماہر روحانیات شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے رجوع کیا کریں جب بھی میرا مجرب شائع ہوتا ہے وقت بے وقت موبائل کالز اور ڈاک کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے آپکی محبت کا شکریہ مئی 2008ء کے شمارے میں حاضری ہمزاد حضرت پیر کے قارئین نے ایک سو گیارہ لیٹر روانہ کر کے حوصلہ افزائی کی شکریہ عمل چونکہ ادارے سے منسوب کر دیا ہے ماہر روحانیات شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے اجازت یا زیر سایہ عمل کریں۔

طلسم

نمرود	شداد	فرعون	ابلیس
ابلیس	شداد	قارون	فرعون
فرعون	ہامان	نمرود	شداد
قارون	فرعون	ابلیس	نمرود

جمیع بداثرات سحر و آسیب جادو
ٹونہ بحق پیر افتخار احمد قادری حبسی
نسبی دفع شود العجل الساعة الوحا

۷۸۶

جبرائیل

۲۲۵	۲۲۸	۲۳۲	۲۱۸
۲۳۱	۲۱۹	۲۲۴	۲۲۹
۲۲۰	۲۳۴	۲۲۶	۲۲۳
۲۲۷	۲۲۲	۲۲۱	۲۳۳

عزرائیل — اسرافیل

میکائیل

یاقابض اقبض جمیع اثرات سحر
رجادو آسیبی اثرات بندش بحق پیر
افتخار احمد قادری دفع شزد العجل
اساعة الوحا

نوٹ:۔ ہدیہ گیارہ سو روپیہ لیں غوثیہ قادریہ ختم دے کر نیاز تقسیم کر دیں سندھ سی کے شہر بھبھور میں اپنے خلیفہ کو یہ عمل نقش طلسم دے کر آیا جب دوبارہ بھبھور سا کروائی ملکی شاہ عقیق گیا تو لوگوں کا جم غفیر آسیب سحر زدہ مرد عورت رسیوں زنجیروں میں جکڑے آتے شام تک خود چل کر بافضل خدا رسول غوث پاک کے طفیل جاتے دیکھا۔

سلسلہ وار مشاہدات تسخیر ہمزاد

تحریر: آصف علی قزلباش (راولپنڈی)

اس روحانی سلسلہ میں تسخیر ہمزاد سے متعلق مشاہدات قبل از وقت ادارہ کو ارسال فرمائیں تاکہ آئندہ شمارہ میں مبتدی حضرات کی راہنمائی کیلئے انہیں شائع کیا جاسکے۔

تحفہ روحانیات میں عرصہ 4 سال سے بہت اچھے اور معیاری مضمون پڑھتا آرہا ہوں اس رسالہ کی کامیابی کی وجہ یہی ہے کہ رسالہ میں مضامین کا معیار اور خوبصورتی روز بروز بڑھتی جارہی ہے پھر سورۃ مزمل سے متعلق آیات کی تفصیل اور اعمال پڑھ کر ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کی قابلیت علمی و عملی گرفت قابلیت کا اندازہ ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ رسالہ میں لکھاری حضرات کی ذہانت پر بھی فخر ہوتا ہے کہ ہمارے ملک میں ایسے قابل افراد بھی موجود ہیں جو اپنی مدد آپ کے تحت روحانی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے۔

میں پیشہ کے لحاظ سے وکیل ہوں عرصہ دراز سے لاہور ہائی کورٹ میں خدمات انجام دے رہا ہوں دیگر کئی روحانی ماہناموں کے پڑھنے کا موقع ملتا ہے لیکن مسلسل رسالہ تحفہ روحانیات میرا پسندیدہ رسالہ رہا ہے۔ اب سے عرصہ 10 سال قبل میں نے ایک کتاب میں تسخیر ہمزاد سے متعلق اور اُسکی قوتوں کے بارے میں تفصیل پڑھی اس کتاب میں اُس کے کئی اعمال بھی موجود تھے میرا دل چاہا کہ اس میں سے دیکھ کر اعمال کروں بہت آسان لگے لیکن ایک عمل جس کے بارے میں مدت 3 دن کامیابی لکھی تھی میں نے شروع کیا اور مایوس ہوا اس کے بعد پھر کئی اعمال پر توجہ دی لیکن مسلسل ناکامی ہوتی گئی میں سمجھ چکا کہ کوئی بھی آسان کام لگے تو وہ آسان نہیں ہوتا بلکہ اُتنا ہی مشکل ہوتا ہے جتنی آسانی سے ہمزاد کی تسخیر کے عمل کو پیش کیا گیا اتنا آسان نہ تھا میں نے درست آدمی جو کہ روحانیت کے بارے میں جانتا ہوں اُس کی تلاش شروع کی اس دوران بہت سے لوگوں سے واسطہ پڑا جن کے بارے میں مشہور تھا کہ وہ روحانی علوم جانتے ہیں اُن کے آستانوں اور ڈیروں پر سائلوں کا جم غفیر رہتا تھا اکثر علیحدگی میں جب بات کی گئی تو پتہ چلا کہ اُن کے پاس کوئی ایسی خاص کلام کی تسخیر نہیں ہے صرف ایک بھیڑ چال ہے جس بناء پر سائلین اُنہیں اپنا مربی و رہنما سمجھتے ہیں کچھ ان میں سے شعبدہ باز بھی نکلے جیسے کوئی پیٹ سے تعویز نکالتا کوئی چھت سے گراتا کوئی تسبیح پکڑ کر اُس میں سے تعویز جھاڑتا کوئی گھروں میں پہنچ کر وہاں سے تعویز نکالتا۔ عجیب قسم کا ایک سلسلہ بنا ہوا تھا جس سے اُن کی روزی روٹی چلتی لیکن کہیں پر میرا دل مطمئن نہ ہوا۔ بلا آخر تنگ آ کر میں نے اپنے مقصد کو چھوڑ دیا اور سمجھ گیا کہ یہ سب دل بہلاوے کے کام ہیں۔

عرصہ گزرا تو میں کسی ذاتی کام کی غرض سے پشاور آیا راہ میں ایک بزرگ مسلسل میرے چہرہ کی جانب دیکھ رہے تھے جب میں نے اُن سے اس طرح دیکھنے کی وجہ پوچھی تو فرمانے لگے کہ بیٹا جس شے کے پیچھے تم بھاگ رہے تھے اور کوئی صحیح آدمی نہ پا کر اُس کا پیچھا کرنا چھوڑ دیا میں، ہمزاد کی تسخیر کا ایک عمل تم کو بتاتا ہوں لیکن اس عمل سے پہلے 90 دن تک تمہیں کم از کم 2 گھنٹے تک آنکھیں بند کر کے **الطیف الخبیر** کی ریاضت کرنا ہوگی پھر 11 دن تک درود پاک 2 گھنٹہ پڑنا ہوگا جب یہ 101 دن پورے ہو جائیں تو 2 گھنٹہ تک دونوں اسمائے باری تعالیٰ 21 دن تک اپنا تصور جما کر آنکھیں بند کر کے پڑھتے رہو لیکن یہی تصور تمہیں پہلے 101 دن میں بھی جمانا ضروری ہے۔ اب جب ان 21 دنوں میں اپنا تصور باندھ لوگے تو بہت جلد کامیابی ملے گی۔ میں اُن بزرگ کی بات سُن کر حیران ہوا کہ میرے بغیر کچھ کہے اُن کو بھلا کیسے پتہ چل گیا کہ مجھے ہمزاد کی تلاش تھی جب کہ میں اُن سے پہلے کبھی نہ ملا تھا الحمدللہ میری یاداشت بہت اچھی ہے اگر کسی سے 1 بار مل لوں تو 20 سال بعد بھی اُسے پہچان لونگا۔ میں نے گھر واپسی پہنچ کر اُن بزرگ کے بتائے طریقہ سے عمل پڑھنا شروع کیا عمل کے تقریباً ایک سے ڈیڑھ ماہ بعد ہی مجھے مشاہدات عمل ہمزاد شروع ہو گئے۔

ایک بار میں نے دوران عمل دیکھا کہ میں ایک گڑھے میں گرتا جا رہا ہوں گھبرا کر دونوں اطراف ہاتھ مارا تو پتہ چلا کہ یہ ایک دھوکہ تھا پھر ایک روز یوں بھی محسوس ہوا کہ جیسے میرے دھڑ کے ساتھ گردن نہ ہو اور وہ کٹ کر دوسری طرف گری ہوئی ہے میں اپنی گردن اُٹھانے کیلئے آگے کی جانب بڑھنے لگا کہ یہ دھوکہ بھی تو ہوسکتا ہے اور واقعی ہی یہ دھوکہ تھا۔ ایک بار یوں محسوس ہوا کہ جیسے میرے پچھلی جانب آگ لگ چکی ہے میں پلٹ کر دیکھنے والا ہی تھا تو میری چھٹی حس نے کہا کہ یہ دھوکہ بھی ہوسکتا ہے۔ پھر اسی طرح باقی ایام بھی گزرے 21 دن کے عمل میں مجھے یقین تھا کہ ہمزاد ضرور مسخر ہوگا اور پھر ایسا ہی ہوا کہ مجھے میرے مقصد میں کامیابی ملی میں مزید تفصیل بتانے سے گریز کرونگا مگر اب بھی حلفاً کہتا ہوں کہ ہمزاد سے مجھے بہت خبریں اور راہنمائی ملتی رہتی ہے ضروری نہیں کہ سب کچھ مجسم ہو اور یہ بھی ضروری نہیں کہ سب کچھ باطنی ہو گویا تسخیر ہمزاد کا یہ عمل میرے لئے بہت قابل اور کارگر ثابت ہوا یہی وجہ بنی کہ میرا روحانیت پر پھر سے یقین ہو گیا ایمان قائم ہو گیا کہ سب کچھ دل کی تسلی وہم دھوکہ فراڈ نہیں ہوتا اگر صحیح راہنمائی مل جائے اور اس درست راہنمائی میں استاد کامل کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔

سلسلہ وار

مشاہدات روحانی

تحریر: ڈاکٹر شفیق
نشتر ہسپتال (ملتان)

مراقبہ کی نشست شروع ہوتے ہی روشنیاں جھلملاتی ہیں۔ طبیعت میں کچھ بے چینی پیدا ہو رہی ہے۔ کوئی منظر واضح نہیں ہے۔ مناظر انتہائی تیزی سے تبدیل ہو رہے ہیں معلوم نہیں کیا ہے؟ کہاں ہے؟ بس ایک تبدیلی کا احساس ہے۔ چند لمحوں بعد اس تیزی میں ٹھہراؤ آ جاتا ہے۔ ایک سنہری دروازہ بند نظر آ رہا ہے۔ خود ہی کھل جاتا ہے۔ اس پر کوئی کنڈی نہیں لگی ہوئی۔ اس کو اندر سے کھولنے والا بھی نظر نہیں آتا۔ اندر داخل ہوا تو میں اس سے گزر کر اندر نظر آنے والی وادی میں داخل ہو جاتا ہوں۔ سامنے ''نیا گرا کال'' کی طرح کا مقام ہے ایک بلند روشن چوٹی سے روشنی' پانی کی طرح بہتی ہوئی نیچے وادی میں ایک بہت بڑی روشنی سے بنی اور بھری جھیل میں گر رہی ہے۔ ارد گرد کوئی دوسرا ذی روح نظر نہیں آ رہا۔ میں اس جھیل میں گر جاتا ہوں بہت دیر اس میں غوطے کھاتا رہا۔ خود ہی اچھل کر اس سے باہر کنارے پر آتا ہوں سامنے ایک انتہائی بلند و بالا روشنی کا پہاڑ ہے اس کی بنیاد عمودی اور انتہائی ہموار ہے۔ رنگت اس جگہ کی ہلکی سرمئی ہے لیکن اس بھی چمک اور روشنی نکل رہی ہے۔ میں اچھل کر اس پہاڑ پر چڑھنے کی کوشش کرتا ہوں تو ایک مقام پر میرا ہاتھ عمودا بلندی کی منڈیر پر پڑ جاتا ہے۔ یہاں سے میں اس پہاڑ پر چڑھنے میں کامیاب ہو گیا۔ اوپر اور اوپر میں اس بلندی پر جا کر دوسری طرف وادی میں داخل ہو جاتا ہوں۔ جہاں روشنی سے ابلتے تالاب ہیں۔ میں ان تالابوں میں گر جاتا ہوں تیرتے ہوئے ایک سے دوسرے میں داخل ہوتا جاتا ہوں آخری تالاب سے باہر نکلا تو تالاب جیسی روشنی سے بالکل سفید ہو گیا تھا۔ اس مقام پر مجھے ایک آواز سنائی دی ''چل چل'' سامنے ایک اور روشنی کا پہاڑ ہے۔ اس کی روشنی تازہ برف کے گالوں کی شکل میں ہے۔ اوپر چڑھتے ہوئے یہ روشنی برف کی طرح میرے جسم سے چپک جاتی ہے میں اس میں لت پت بلندی کی طرف بڑھتا رہتا ہوں جونہی چوٹی قریب آئی تو ایسی آواز سنائی دی ''چل چل'' یعنی مجھے رکنے سے پہل ہی آگے بڑھنے کا اشارہ مل جاتا ہے۔ آگے بڑھنے پر ایک بلند مقام جو کہ ہموار میدان کی شکل میں آتا ہے۔ یہاں روشنی کے بلند و بالا پہاڑوں کی چوٹیاں نیچے رہتی جا رہی ہیں۔


میں اس سلسلہ کے سب سے بلند روشن پہاڑ پر ہوں۔ ''چل چل'' میں ''کرالنگ'' کے انداز میں روشنی کے نرم نرم گالوں سے گزر کر اوپر چوٹی کی طرف جاتا ہوں کہ اچانک خود کو ایک سفید پرندے پر سوار دیکھتا ہوں (اس پرندے کا منہ اور گردن ''گراس ہاپر'' جیسی اور دھڑ ''بگلے'' جیسا ہے۔ رنگت انتہائی دودھیا سفید) یہ مجھے لے کر روشنی کے اس پہاڑی سلسلے میں پرواز کرتا ہے۔ ایک روشنی کے پہاڑ پر ایک جگہ یہ پرندہ غائب ہو جاتا ہے۔ (یہ جگہ اس طرح ہے جیسے برف پگھلنے پر نیچے سے زمین ظاہر ہو جائے) میں اس قطعہ اراضی کے پاس چل پھر رہا ہوں اور اپنے آپ سے کہتا ہوں ''یہ کہاں آ گیا ہوں؟ یہ کہاں آ گیا؟'' پرندہ پھر نمودار ہوا اور مجھے لے کر پرواز کرنے لگا پہاڑ پر واقع روشنی کے تالاب کے پاس چھوڑ کر غائب ہو گیا۔ کدھر گیا کچھ معلوم نہیں۔ آواز آتی ہے ''چل چل'' میں اس تالاب سے گزر کر سامنے پہاڑی چوٹی کی طرف بڑھنے لگتا ہوں اچانک روشن آسمان پر بہت سارے گدھ منڈلاتے دیکھتا ہوں جن کے چلانے کی آوازیں سنائی دیتی ہیں۔ یہ میرے سر پر منڈلانے لگے میں مسلسل روشنی کی برف میں دھنسا اوپر کی طرف بڑھتا ہوں یہ گدھ باری باری مجھ پر حملہ کر دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی کرم نوازی سے جب بھی کوئی گدھ حملہ کرتے ہوئے میرے قریب آتا ہے تو یہ چیخ کر فضا میں معلق ہو جاتا ہے آخری گدھ روشنی کی چوٹی کی طرف سے میرے منہ پر حملہ کرنے کے برق رفتاری سے غوطہ لگاتا ہے تو مجھے آواز سنائی دی ''آیا آیا'' میں نظریں جما کر اس کو اپنی طرف آتے دیکھتا ہوں لیکن چوٹی کی طرف اپنا سفر جاری رکھتا ہوں۔ یہ گدھ بھی میرے قریب آ کر فضاء میں چیخ جاتا ہے۔ اس گدھ کے حملہ پر میں روشنی کی برف میں گھٹنوں کے بل اس کے بالکل سامنے تن کر کھڑا ہو جاتا ہوں۔

اب حملہ ختم ہوا چوٹی قریب آتی جا رہی ہے۔ آسمان پر تیز روشنی کا سورج چمک رہا ہے۔ اس کی روشنی میں حرارت نہیں ہے روشنی بہت تیز ہے۔ آواز آئی ''چل چل'' چوٹی پر جا کر دیکھتا ہوں ایک رسہ فضاء میں معلق سنہری گنبد کی طرف جا رہا ہے۔ یہ سنہری گنبد فضاء میں کیسے معلق ہے کچھ دکھائی نہ دیا۔ رسہ اور یہ گنبد فضاء میں ہلکورے لے رہے ہیں۔ میں اس رسے کو پکڑ کر اوپر گنبد میں داخل ہو جاتا ہوں۔ جو کہ روشنی سے بھرپور ہے۔

مجھے بھی ہلکورے محسوس ہو رہے ہیں۔ یہ گنبد ہوا میں تیرتے ہوئے ایک سمت میں روانہ ہو جاتا ہے۔ روشنی کے پہاڑوں کا سلسلہ ان کی چوٹیاں بہت نیچے نظر آ رہی ہیں۔ روشنی کے ان پہاڑوں کے ساتھ سیاہی مائل سبز درختوں کا گھنا جنگل تاحدِ نگاہ پھیلا ہوا ہے۔

میں نے تمام مشاہدات کا استادِ محترم سے ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا کہ تمام وارد ہونے والی کیفیات بلندی کی جانب بڑھتا ہوا ایک اور قدم ہے۔ مجھے ایک بات میں تجسس تھا جس کی وضاحت میں ضروری سمجھتا تھا اور شاید قارئین بھی متجسس ہوں کہ وہ پرندہ جس پر میں سوار ہوا اور وہ گدھ کیا تھے؟ میں نے اس وضاحت کیلئے استادِ محترم سے خاص طور سے راہنمائی حاصل کرنا چاہی تو انہوں نے فرمایا کہ وہ پرندہ تمام اُن نیک اعمال کا صلہ تھے جو کہ اب تک آپ نے ان گزشتہ 2 سالوں میں کیئے اور وہ گدھ وہ تمام خواہشات تھیں جن کو اب تک دباتے آئے اور وہ تمام خواہشات جو کہ عملی زندگی میں کامیابی کا رُخ ناکامی کی طرف موڑ دیتی ہیں۔ تمہاری ان نیکیوں کو بداعمالیاں گدھ کی طرح سے نوچ کھاتی ہیں بس اسی بات کی وضاحت کی گئی ہے کہ اگر تم راہِ حق پر مستقل مزاجی سے قائم رہو گے تو یقیناً بقاء کی منزل حاصل کر پاؤ گے ورنہ جو انجام ہوگا اُس سے تم خوب باخبر ہو۔ اس مراقبہ کی وضاحت مجھ پر ہوگی اور ملنے والے تمام اشارات کو میں بخوبی سمجھ گیا کیونکہ جسم کثیف سے ہزار گنا بہتر جسم لطیف ہے اور جسم لطیف وہ عنصر ہے جو کہ حکمِ ربی ہے۔

قارئین کی معلومات کے لیے عرض ہے کہ دوران مراقبہ درج بالا کیفیات مراقبہ کی نشست قائم کیئے ہوئے تقریباً (2) دو سال بعد وارد ہوئی ہیں۔ اس راہ میں تسلسل و شوق اور ذوق کی مثال سڑک کے کنارے لگے ''سنگ میل'' کی ہے جو خود منزل نہیں بلکہ منزل کا پتہ دیتے ہیں۔ (باقی آئندہ)



طلسم عجیب

سلسلہ وار روحانی علاج

تحریر باباصدف انبالوی

سوزاک سے شفاء کا عمل

اگر کسی کوسوزاک ہو جائے۔سورۃ مزمل شریف لکھ کر دھو کر پیئے گا۔انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہوجائے گا۔

اولاد کی عمر درازی کا عمل

اگر کسی شخص کی اولاد بڑی نہ ہوتی ہو بچپن میں ہی مرجاتی ہو تو سات مرتبہ سورۃ مزمل شریف پڑھ کر سپاری پر دم کرے۔اس کو بچہ کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ عمر میں زیادتی ہوگی۔

عمل برائے شفاء مرض وغیرہ

جب اللہ سے دعا کرنے کا ارادہ کرے بیمار کی شفا کا یا دفع گرسنگی کا یا کشائش رزق کا یا مغلوبی دشمن کا۔تو اسم الٰہی کا موافق اپنی حاجت کے اسماء حسنہ میں سے لے کر اس نام کو دو ضرب یا چار ضرب کے ساتھ ذکر کرے۔ مثلاً یوں کہے یا شافی اد یا صمد ادیا رزاق ادیا مدل الی غیر ذالک۔

دائمی بخار دور ہو

جس کا پیچھا بخار نہ چھوڑتا ہو۔اس کو چاہئے کہ ہر روز نماز عصر کے بعد سورۃ مجادلہ تین بار پڑھا کرے۔انشاء اللہ چند یوم اس پر مداوت کرنے سے مریض بخار سے نجات حاصل کرے گا۔

عمل برائے ہر مرض

یہ عمل ہر مرض سے شفا حاصل کرنے کے لئے بے حد مجرب ہے۔وہ یہ کہ ایک دیندار متشرع اور متقی آدمی مریض کے سرہانے بیٹھ کر باوضو دونوں ہاتھ اٹھا کر ایک سو چھبیس (۱۲۶) بار السلام بلند آواز سے کہے کہ مریض بھی سن لے انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو صحت ہوگی۔

برائے درد پیٹ مویشی

اگر کسی پالتو جانور کے پیٹ میں درد ہو تو سورۃ تَبَّتْ یَدَا سات بار پانی پر دم کر کے پلادے انشاء اللہ آرام آجاوے گا۔

برائے ورم پستان

اگر کسی عورت کے پستانوں پر ورم ہو جائے جس کو پنجابی میں تھن ٹھلن کہتے ہیں تو سورۃ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ بغیر بسم اللہ کے سات بار پڑھ کر اگر عورت کا دایاں پستان ورم شدہ ہو تو اپنے بائیں پستان پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہوجائیگا۔اس کے علاوہ یہ عمل بھی اس کیلئے مفید ہے۔

سونے دی سوئی روپے دی کنوت۔تھن ٹھلن اٹھیں دھن چھرالی تے بوت
الٰہی برکت محمد مصطفیٰ ایہ چارے بھسماں بھوت

دو تین بار پڑھ کہ جس پستان کی طرف ورم ہو۔اس کی طرف دم کرے۔

برائے درد ناف

اگر کسی شخص کی ناف ٹل گئی ہو اور درد ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر اس کے بازو پر باندھے۔انشاء اللہ ناف اپنے مقام پر آجائے گی۔خانہ پری یں خانہ اندر سے شروع کرے اور بجائے فلاں کے مریض کا نام لکھے۔

تعویذ یہ ہے۔

یا اللہ یا رحمان	یا اللہ یا رحمان	یا اللہ یا رحمان
یا اللہ یا رحمان	فلاں	یا اللہ یا رحمان
یا اللہ یا رحمان	یا اللہ یا رحمان	یا اللہ یا رحمان

سلسلہ وار یونانی ٹوٹکے

تحریر
حکیم غلام قادر قادری
لاہور

گلے کی ورم کے لئے

جس شخص کے گلے پر ورم ہو جائے۔ اس کو یہ آیت بروز اتوار بوقت فجر باوضو لکھ کر دیدے تا کہ وہ گلے میں باندھے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ مِنهَا خَلَقكُم وفِيهَا نُعِيدُ كُم وَمِنهَا بُخوِ جُكُم قَادَةَ اَخرَىٰ (ط ٥٥) كهٰيٰعص حٰم عسق

برائے درد ہر قسم

خواہ کسی قسم کا درد ہو یہ تعویذ جو جناب حضرت مجدد الف ثانی کا معمول تھا۔ فائدہ بخش ہے۔

من کہ گویم	کہ بکن	یا مکن
تو شاہ جہاں	ہرچہ خواہی	آن کن

برائے حمل

جس عورت کو یا گھوڑی یا گائے یا بھینس یا بکری کو حمل نہ ہو تو یہ تعویذ لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ حمل قرار پا جائیگا۔

بسمِ اَللہِ اَلرحمٰنِ الرَحِيم۔ استَغفِرُو رَبَكم انهُ كَانَ غَفَا را يرُسِلِ السَمَآءَ عَلَيُكم مِدُ رَارًا وَيُمدِ دُكُم بِاَموَالِ وَبَنِينَ وَيَجعَل لَكُمُ جَنٰتِ وَيَجعَل لَكُم اَنهَارًا مَالَكُم لَا تُرجعُونَ لِلهِ وَ قَارًا وَتَدُ خَلَقكُم اَطوارًا (سُورۃ نوح ، الایت ١٤) كهٰيٰعص حٰم عسق۔

چھوٹی عمر میں اولاد کا مرنا

جس کسی کے بچے چھوٹی عمر میں فوت ہو جاتے ہوں اور کوئی زندہ نہ رہتا ہو تو اس کیلئے پانچ تعویذ لکھے ایک عورت کے گلے باندھ دے بچہ ہونے سے چار ماہ پیشتر تعویذ گلے میں ڈالتے وقت کچھ صدقہ دے اور نماز نفل پڑھے اور باقی چار تعویذ مٹی کے کسی چھوٹے سے چار برتنوں میں ایک ایک ڈال کر گھر کے چاروں کونوں میں دبا دیں۔ جب نو ماہ گذر جائیں اور بچہ بھی تولد ہو جائے تو پھر زچہ کے گلے میں تعویذ اتار کر نومولود یعنی پیدا شدہ بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ اور اس کو اچھی طرح پاک وصاف کریں۔

تعویذ یہ ہے۔ بسمِ اللهِ الرَحمٰنِ الرَحيمِ۔ حَسبِىَ الله وَكَفىٰ بِاللهِ اِيَاكَ نَعبُدُ وَاِيَاكَ نَستَعِينَ۔ وَلَا حَولَ قُوۃَ اِلَا بِاللهِ العَلِي العَظِيمِ الله مِن سَلَيمٰنَ وَانهُ بِسمِ اللهِ الرَحمٰنِ الرَحِيم اَلَا تَعلُو عَلَيَ وَاُتوتىِ مُسلِمِينَ۔ قَالَ عِفرِيتُ مِنَ الجِنِ اَنَا اٰتِيكَ قَبلِ اَن تَقُومَ مِن مِقَاوَاِنِى عَلَيهِ لَقَوِىُ آمِينُ فَاللهُ خَيرُ حَافِظًا وَ هُوَ اَرحَمُ الرَاحِمِينَ (النحل ٣٠ والھنا ٣٩)

اس کے ساتھ ہی یا رحمن کا تعویذ لکھ کر عورت کو دیا جائے تا کہ وہ شروع حمل سے لے کر وضع حمل تک صبح سویرے نہار منہ اس کو پانی میں گھول کر پی لیا کرے اور ساتھ سیاہ مرچ اور اجوائن اتنی مقدار میں کہ جو بعد وضع حمل بچہ کے دودھ پینے تک کافی ہو لے کر سوموار کے دن باوضو دوپہر کے بعد سورۃ والشمس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور دو تین دانے اجوائن کے اور ایک سیاہ مرچ صبح سویرے بغیر کچھ کھائے پیئے کھانے کو دے اور جب خدا کے فضل سے بچہ پیدا ہو تو اس کے دودھ پینے تک متواتر اس کا استعمال جاری رکھے انشاء اللہ جو اولاد پیدا ہوگی زندہ رہے گی اور اپنی طبع عمر کو پہنچے گی۔ آزمودہ اور مجرب ہے۔

برائے اولاد

اگر کسی کے گھر اولاد نہ ہوتی ہو یا ہو کر مر جاتی ہو تو اُس کا شوہر اپنی بیوی کے پستانوں پر تین سطروں میں اپنی شہادت کی انگلی سے یہ عبارت لکھے۔

''ہمارے گھر لڑکا پیدا ہوگا تو اس کا نام محمد احمد رکھیں گے''

اور یہ عربی عبارت عورت کی ناف پر ہاتھ رکھ کر سات بار پڑھے اور دم کرے اور منگل سے شروع کر کے سات روز ایسا ہی کرے عبارت یہ ہے

اَللّٰھُمَ اِنِی یَمیثُ مَا فِی بَطَنِ ھٰذِہِ المَوَاۃَ الحَامِلَهِ مُحَمدً اَحمَدًا۔